# THE

# SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

*OFFICIAL REPORT*

Friday, June 21, 2019
(290th Session)
Volume V, No. 07
(Nos.01-08)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad.*

| | |
|---|---|
| Volume V | SP. V(07)/2019 |
| No.07 | 15 |

# Contents

1. Recitation from the Holy Quran ..........................................1
2. Leave of Absence.................................................................2
3. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Dr. Sikandar Mandhro on observance of Provincial quota in services ....2
4. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Dr. Sikandar Mandhro regarding vacant posts against the quota of Balochistan in various departments....................................3
5. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Abdul Rehman Malik regarding total number of persons working in the Ministry of Information Technology and Telecommunication .............................................................4
6. Further discussion on the Finance Bill, 2019-20.................5
    - Senator Mushahid Ullah Khan.......................................5
    - Senator Sirajul Haq......................................................20
    - Senator Aurangzeb Khan .............................................28
    - Senator Abdul Rehman Malik......................................32
    - Senator Muhammad Tahir Bizinjo...............................41
    - Senator Nuzhat Sadiq ..................................................44

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Friday, the June 21, 2019.

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Mr. Muhammad Sadiq Sanjrani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰۤى اَهْلِهَا ۙ وَ اِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ
تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ﴿۵۸﴾ يٰۤاَيُّهَا
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُولِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ
فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكَ
خَيْرٌ وَّ اَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿۵۹﴾

ترجمہ: (مسلمانو!) یقیناً اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ تم امانتیں ان کے حق داروں تک پہنچاؤ، اور جب لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو۔ یقین جانو اللہ تم کو جس بات کی نصیحت کرتا ہے وہ بہت اچھی ہوتی ہے۔ بیشک اللہ ہر بات کو سنتا اور ہر چیز کو دیکھتا ہے۔ اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو اور اس کے رسول ﷺ کی بھی اطاعت کرو اور تم میں سے جو لوگ صاحب اختیار ہوں ان کی بھی۔ پھر اگر تمہارے درمیان کسی چیز میں اختلاف ہو جائے تو اگر واقعی تم اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو اسے اللہ اور رسول ﷺ کے حوالے کر دو۔ یہی طریقہ بہترین ہے اور اس کا انجام بھی سب سے بہتر ہے۔ (سورۃ النساء آیات ۵۸ تا ۵۹)

## Leave of Absence

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔ السلام علیکم۔ جمعہ مبارک۔ Leave applications.

جناب چیئرمین: سینیٹر رانا مقبول احمد صاحب بعض نجی مصروفیات کی بنا پر مؤرخہ ۱۴ تا ۱۷ جون اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے، اس لیے انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سینیٹر لیاقت خان ترکئی بعض نجی مصروفیات کی بنا پر مؤرخہ ۲۰ جون کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے، اس لیے انہوں نے اس تاریخ کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا یہ ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Chairman: Order No.2. Senator Muhammad Talha Mehmood, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat, on his behalf Senator Dr. Sikandar Mandhro may move Order No.2.

## Motion under Rule 194(1) moved by Senator Dr. Sikandar Mandhro on observance of Provincial quota in services

Senator Dr. Sikandar Mandhro: I, on behalf of Senator Muhammad Talha Mehmood, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on a point of public importance raised by me (Senator Dr. Sikandar Mandhro) on 18th September, 2018, regarding observance of provincial quota in new services being provided by the Government, may be extended for a period of thirty working days with effect from 1st July, 2019.

Mr. Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and

Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on a point of public importance raised by Senator Dr. Sikandar Mandhro on 18th September, 2018, regarding observance of provincial quota in new services being provided by the Government, may be extended for a period of thirty working days with effect from 1st July, 2019.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order No.3. Senator Muhammad Talha Mehmood, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat, on his behalf Senator Dr. Sikandar Mandhro may move Order No.3.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Dr. Sikandar Mandhro regarding vacant posts against the quota of Balochistan in various departments**

Senator Dr. Sikandar Mandhro: I, on behalf of Senator Muhammad Talha Mehmood, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on the subject matter of a Calling Attention Notice moved by Senator Muhammad Akram on 26th September, 2018, regarding vacant posts of the quota of Balochistan in various departments, may be extended for a period of thirty working days with effect from1st July, 2019.

Mr. Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on the subject matter of a Calling Attention Notice moved by Senator Muhammad Akram on 26th

September, 2018, regarding vacant posts of the quota of Balochistan in various departments, may be extended for a period of thirty working days with effect from 1st July, 2019.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Order No.4. Senator Robina Khalid, Chairperson, Standing Committee on Information Technology and Telecommunication, on her behalf Senator Abdul Rehman Malik.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Abdul Rehman Malik regarding total number of persons working in the Ministry of Information Technology and Telecommunication**

Senator Abdul Rehman Malik: I, on behalf of Senator Robina Khalid, Chairperson, Standing Committee on Information Technology and Telecommunication, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on the subject matter of starred question No. 165, asked by Senator Mir Kabeer Ahmed Muhammad Shahi, regarding number of persons working in the Ministry of Information Technology and Telecommunication, its attached departments and authorities etc., may be extended for a period of sixty working days with effect from 2nd July, 2019.

Mr. Chairman: It has been moved under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Standing Committee on the subject matter of starred question No. 165, asked by Senator Mir Kabeer Ahmed Muhammad Shahi, regarding number of persons working in the

Ministry of Information Technology and Telecommunication, its attached departments and authorities etc., may be extended for a period of sixty working days with effect from 2nd July, 2019.

*(The motion was carried)*

**<u>Further discussion on the Finance Bill, 2019-20</u>**

Mr. Chairman: We may now take up Order No.5 regarding further consideration of the following motion moved by Mr. Muhammad Hammad Azhar, Minister of State for Revenue on 11th June, 2019 that the Senate may make recommendations to the National Assembly on the Finance Bill, 2019, containing the Annual Budget Statement, under Article 73 of the Constitution. I now give the floor to Senator Mushahid Ullah Khan.

**<u>Senator Mushahid Ullah Khan</u>**

سینیٹر مشاہد اللہ خان: نحمدہ نصلّی علی رسولہ الکریم۔ اما بعد۔ فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

ہماری ہستی ہی کیا ہے آخر
بس ایک آوازۂ صداقت
بس ایک شمع حق فروزاں
دبا سکو تو صدا دبا دو
بجھا سکو تو دِیا بجھا دو
صدا دبے گی تو حشر ہوگا
دِیا بجھے گا تو صبح ہوگی

بہت شکریہ جناب چیئرمین کہ آپ نے مجھے وقت دیا۔ بجٹ پر بہت ساری تقریریں دونوں ایوانوں میں ہو رہی ہیں۔ بڑی لمبی چوڑی تقریریں ہو رہی ہیں، کل یہاں پر بھی ماشاء اللہ پونا پونا گھنٹا اور گھنٹا گھنٹا تقریریں ہوئیں اور آپ نے اجازت دی۔ میں اس لیے یاد دہانی کرا رہا ہوں کہ مجھے بھی تقریر کرنے کی تھوڑی سی عادت ہے۔

جناب چیئرمین: مجھے پتا ہے، آپ دس منٹ سے زیادہ نہیں بولتے۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان: جمعے سے پہلے ہی ختم کریں گے، فکر نہیں کریں۔ بجٹ پیش ہو چکا ہے، ایک سال میں تیسرا یا چوتھا ہے۔ یہ بھی ایک تاریخ ہے جو پہلی مرتبہ رقم ہوئی ہے۔ بہر حال، انہیں اختیار حاصل ہے۔ مجھے اس بات پر اعتراض نہیں ہے، وہ چاہے تین پیش کریں، چار پیش کریں۔ اختیار کا استعمال کرنا حکومت کا حق بھی ہے اور ذمہ داری بھی، ویسے بھی:

شہر اگر طلب کرے تم سے علاج تیرگی

صاحبِ اختیار ہو آگ لگا دیا کرو

اب جب سے بجٹ پیش ہوا ہے، آگ تو پہلے ہی لگی ہوئی تھی۔ آگ تو اس دن سے لگنا شروع ہو گئی تھی جس دن سے اس ملک کے غریبوں کو بے گھر کیا گیا۔ اس ملک کے غریبوں کی دکانیں گرائی گئیں، ایسی دکانیں جو 1947 سے ان کو الاٹ تھیں۔ میں یہ باتیں prove کر سکتا ہوں جو میں کہہ رہا ہوں۔ ایسے مکان جن میں سے کچھ 1947 میں regularize تھے، کچھ regularize نہیں تھے، وہ بھی گرا دیے گئے۔ میں یہ باتیں اس لیے کر رہا ہوں کہ ہر چیز کا تعلق تو بجٹ سے ہی ہوتا ہے اور غریب آدمی بے چارے کا تو بجٹ کچھ ہوتا ہی نہیں۔ اس کے بجٹ کا fundamental صرف ایک ہوتا ہے کہ کسی طریقے سے اسے سر چھپانے کی جگہ مل جائے، اس کے بچوں کی فیسیں ادا ہو جائیں، وہ عزت سے کھانا کھالے۔ اس سے زیادہ کی بات نہیں ہے۔ دیکھیں، خواہشیں کتنی معصوم اور کم ہیں لیکن ہم نے انہیں بھی پورا نہیں ہونے دیا۔ ایک ایسی حکومت جس سے لوگ آس لگائے بیٹھے تھے، وہ حکومت جیسے بھی آئی، اس میں اس وقت پڑنے کا فائدہ نہیں ہے، یہ ساری دنیا کو معلوم ہے لیکن پھر بھی حکومت کوئی بھی ہو، چاہے نگران حکومت ہو، کوئی جمہوری حکومت ہو، کوئی selected حکومت ہو، کوئی بھی ہو، اس سے لوگوں کو امید یہی ہوتی ہے کہ وہ ان کے دکھوں کا مداوا کریں گے۔ دیکھنا یہ ہے کہ یہ بجٹ اور اس سے پہلے کے جو دس مہینے ہیں بلکہ اب تو دس سے زیادہ ہو گئے ہیں، اس نے پاکستان کے عوام کے دکھوں کا مداوا کیا ہے یا نہیں۔

جناب عالی! کہا یہ گیا تھا، سب نے دیکھا اور سنا تھا، کھلی آنکھوں سے اور کانوں سے کہ بلڈوزر تیار ہوں گے، گورنر ہاؤس گرا دیے جائیں گے، وزیرِ اعظم ہاؤس گرا دیے جائیں گے، چیف منسٹر ہاؤس گرا دیے جائیں گے۔ کوئی نہیں گرائے گئے۔ سب اپنی جگہ پر قائم ہیں۔ مجھے ان کے قائم رہنے پر کوئی اعتراض نہیں ہے، انہیں قائم ہی رہنا چاہیے۔ ہاں، وہ تو نہیں گرے لیکن غریب کے گھر گر گئے۔ غریب کی دکان گر گئی۔ اس کی روزی کو ختم کر دیا گیا۔ وہ جو اس کی چھوٹی سی سر چھپانے

کی کٹیا تھی، اس پر بلڈوزر پھیر دیا گیا۔ آپ دیکھیں کہ بلڈوزر کا بھی کیا کمال ہے، کہا یہ گیا تھا کہ یہ گورنر ہاؤس کو توڑے گا لیکن اس نے غریبوں کی جھونپڑیوں کو توڑنا شروع کر دیا۔ ہمارے ایک اور وزیر ہیں جنہیں ایک زمانے میں اپنا چپڑاسی کہا گیا تھا، اب وہ وزیر ہو گئے ہیں، قسمت کی بات ہے، چپڑاسی وزیر بن جائے کوئی حرج بھی نہیں ہے۔ ریلوے ٹریک اور سرکلر ریلوے کے نام پر ہزاروں لوگوں کو بے گھر کر دیا گیا، ان کے گھر توڑ کر رکھ دیے گئے۔ کہا جاتا ہے کہ وہ قابضین ہیں۔ دیکھیں، انہیں یہ معلوم نہیں ہے کہ قابضین اور متاثرین میں فرق ہوتا ہے۔ کوئی project جب بنتا ہے تو پھر اس کے راستے میں آنے والے لوگ متاثرین کہلاتے ہیں۔ اس project میں یہ provision رکھی گئی ہوتی ہے کہ اگر کوئی عوامی issue آئے گا تو ہم اس کو اس طرح سے طے کریں گے۔ کوئی آس ہے نہ کسی کو احساس ہے کہ آپ کچی آبادیوں پر بلڈوزر چلا رہے ہیں۔ ضرور چلائیں، سرکلر ریلوے ہے، آپ لوگوں کے مکان گرائیں اگر کسی نے ناجائز قبضہ کیا ہوا ہے۔ یہ بھی سوچیں کہ لوگ ناجائز قبضے کرتے کیوں ہیں۔ غریب آدمی ناجائز قبضے اس لیے کرتا ہے کہ ریاست جب اسے سر چھپانے کی جگہ نہیں دیتی تو اس کے پاس کوئی چارہ رہ نہیں جاتا۔ ہم بلڈوزر چلانے سے پہلے یہ نہیں سوچتے کہ پاکستان کوئی social welfare state نہیں ہے۔ یہاں پر نہ کسی کو کھانے کے لیے پیسے دیئے جاتے ہیں، نہ کسی کے بچے کی فیسیں دی جاتی ہیں۔ جو social welfare states نہیں ہوتیں، وہاں پر اگر کوئی اس طرح کا قدم اٹھایا بھی جائے، قبضے چھڑوائے جائیں تو پھر ان کا متبادل انتظام کیا جاتا ہے۔ مجھے بتائیں کہ کیا کوئی متبادل انتظام کیا گیا؟ نہیں کیا گیا۔

میں آپ کو ایک ایسی بات بتانے لگا ہوں، پتا نہیں آپ کے نوٹس میں ہے یا نہیں، میرا کچھ تھوڑا سا تعلق کراچی سے ہے، میں نے وہاں سے نیشنل اسمبلی کے دو الیکشنز لڑے ہیں، اس لیے مجھے اطلاعات ملتی رہتی ہیں۔ اس ملک کا سب سے بڑا فلاحی ادارہ 'ایدھی' کا ہے جس نے بیس ہزار سے زائد نومولود بچوں کو گود لے کر جوان کیا۔ ان کو وہ کھانا بھی دیتا ہے۔ وہ مردے جن کو گھر والے نہیں نہلاتے، ان کو وہ مرحوم نہلایا کرتا تھا۔ آج کل اس کا بیٹا فیصل ایدھی ہے۔ ان کا بہت زبردست نیٹ ورک ہے، اب تو پنجاب میں بھی ہے، دیگر صوبوں میں بھی ہے لیکن سب سے زیادہ کراچی میں ہے۔ کراچی سے انہوں نے شروع کیا تھا۔ بین الاقوامی طور پر اس ادارے کی خدمات کو تسلیم کیا گیا ہے۔

آپ کو پتا ہے کہ ان کے 70, 80% network کو ختم کر دیا گیا ہے، اس پر bulldozer چلا دیا گیا ہے اور bulldozers بھی ایسے چلے ہیں کہ اگر ایک جگہ پولیس چوکی بنی ہوئی ہے، بالکل اس کے ساتھ ایدھی کا دفتر ہے، ان کا network ہے تو پولیس چوکی کو نہیں گرایا گیا۔ آپ دیکھیں کہ bulldozer چلانے والے کتنے بہادر ہیں، بالکل ساتھ ہی ایدھی کا network ہے جہاں سے روزانہ لوگوں کی جان بچانے کے لیے ambulances نکلتی ہیں، جہاں social welfare کا کام کیا جاتا ہے، ان سب کو گرا دیا گیا۔ اس وقت ان کا 70 to 80% network ختم ہو چکا ہے، اس میں ان کا سامان بھی غرق کر دیا گیا ہے اور کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ میں نے ایسے ہی تو نہیں کہا کہ؛

شہر اگر طلب کرے تم سے علاج تیرگی
صاحبِ اختیار ہو آگ لگا دیا کرو

جناب والا! یہ جس نے بھی کیا ہے، قانونی موشگافیاں اپنی جگہ ہوتی ہیں لیکن ایدھی کو کون نہیں جانتا؟ اس کے علاوہ دوسرے بہت سارے فلاحی ادارے ہیں انہیں کوئی کچھ نہیں کہتا۔ ان کے چلانے والے لوگ جن کا حکومت سے تعلق بھی ہے جو Victoria Casino میں ایک رات میں چالیس چالیس ہزار پاؤنڈ جوئے میں ہار جاتے ہیں، انہیں کوئی کچھ نہیں کہتا۔

جناب والا! مکان غریب کا گرتا ہے، بنی گالا آج بھی سی ڈی اے کے کاغذات میں ناجائز ہے، وہ regularize نہیں ہوتا، اسے کوئی دیکھنے والا نہیں ہے لیکن آج چیخ پکار ہے، آج ہر طرف ماتم ہے۔ یہاں اسلام آباد میں آپ نے سنا ہو گا، دیکھا ہو گا کہ لوگ کس طرح بددعائیں دیتے پھر رہے ہیں۔ چھوٹے چھوٹے معصوم بچے حیران و پریشان ہیں کہ ہمارا کیا قصور ہے، چلیں اگر انہوں نے ناجائز قبضہ بھی کیا تھا، انہیں کوئی متبادل جگہ دے دیتے، ان کے لیے کوئی انتظام کرتے، وہ بھی انسان کے بچے ہیں۔ خیبر سے کراچی تک bulldozers کو بھی اور انہیں چلانے والوں کو بھی سلام ہے کہ جنتا یہ پوچھ رہی ہے کہ؛

جہان کہنہ کے مفلوج فلسفہ دانو!
نظام نو کے تقاضے سوال کرتے ہیں
یہ شاہراہیں اسی واسطے بنی تھیں کیا
کہ ان پہ دیس کی جنتا سسک سسک کے مرے
زمیں نے کیا اسی کارن اناج اگلا تھا

کہ نسل آدم و حوا بلک بلک کے مرے
ملیں اسی لیے ریشم کے ڈھیر بنتی ہیں
کہ دختران وطن تار تار کو ترسیں
چمن کو اس لئے مالی نے خوں سے سینچا تھا
کہ اس کی اپنی نگاہیں بہار کو ترسیں
زمیں کی قوت تخلیق کے خداوندو!
ملوں کے منتظمو، سلطنت کے فرزندو!
پچاس لاکھ فُسردہ گلے سڑے ڈھانچے
نظام زر کے خلاف احتجاج کرتے ہیں
خموش ہونٹوں سے دم توڑتی نگاہوں سے
بشر بشر کے خلاف احتجاج کرتے ہیں

جناب چیئر مین! پچھلے وزیر خزانہ نے بھی ایک بات کہی تھی، موجودہ وزیر خزانہ نے بھی ملتی جلتی بات کی، پچھلے وزیر خزانہ جو ایک منتخب وزیر خزانہ تھے، انہوں نے کہا کہ ملک دیوالیہ ہونے کے قریب ہے اور موجودہ وزیر خزانہ نے بھی یہی کہا، بلکہ موجودہ وزیر خزانہ جو پہلی مرتبہ وزیر خزانہ نہیں بنے، کئی سال پہلے بھی یہ وزیر خزانہ رہے ہیں اور بڑے بڑے کارہائے نمایاں سرانجام دیے ہیں، یہ GDP 3 پر چھوڑ کر گئے تھے۔ اب پتا نہیں انہیں کس مقصد کے لیے لایا گیا ہے، کون لایا ہے یہ بھی تو نہیں پتا لگتا کہ کون لایا؟ عجیب و غریب حکومت چل رہی ہے، ایک دن کہا جاتا ہے کہ فلاں فلاں کے production orders نہیں آئیں گے، ٹھیک چوبیس گھنٹوں بعد آ جاتے ہیں، ایسا ہوتا نہیں ہے، آدمی جب ایک بات کرتا ہے اور highest level پر تو پھر اس پر stand کرتے ہیں، پھر شک پڑتا ہے کہ یہ فیصلے کوئی اور ہی کر رہا ہے ورنہ چوبیس گھنٹوں میں اتنا بڑا فیصلہ تو تبدیل نہیں ہوتا۔ کہا گیا کہ amnesty نہیں دیں گے اور ماضی میں جو amnesty دی گئی اس کو investigate کریں گے، amnesty دے دی گئی، اسے کیسے defend کریں گے، یہ میرا بھائی ہے، سارا دن لگا تو رہتا ہے لیکن دل میں یہ بھی سوچتا تو ہو گا، زبان پر تو نہیں لائے گا، لانا بھی نہیں چاہیے، وزیر ہے، کیوں لائے گا کہ میں ان باتوں کو کیسے defend کروں، defend نہیں کیا جا سکتا کہ کل ایک بات ہوتی ہے، اگلے دن اس کے برعکس ہوتا ہے۔

جناب والا! رزاق داؤد صاحب نے کہا کہ پاکستان کنگال ہو گیا ہے، اگر کنگال ہو گیا ہے تو تم نے 300 million کا ٹھیکہ کیوں لیا؟ یہ کتنی بڑی عجیب و غریب بات ہے، ایک طرف کنگال ہو گیا ہے دوسری طرف کنگالوں سے آپ نے 300 million کا ٹھیکہ لے لیا ہے، آپ کابینہ میں بھی بیٹھے ہوئے ہیں اور اس سے پہلے آپ شوکت خانم میں بھی بیٹھے ہوئے تھے، آپ کا کیسا داؤ لگا ہے، ایسا داؤ بڑے کم لوگوں کا لگتا ہے۔ یہاں conflict of interests کا issue تو آتا ہے، کوئی پوچھنے والا نہیں ہے، کوئی فریاد نہیں ہے۔ جناب والا! کہا گیا تھا کہ IMF کے پاس بھی نہیں جائیں گے، چلے گئے، یہ بڑا اچھا بیان ہے کہ پچھلوں نے کیا تھا، کیا تھا یا نہیں کیا تھا، اس پر بھی بات ہو سکتی ہے لیکن یہ بات کر کے جان نہیں چھڑائی جا سکتی کیونکہ governance آپ کے پاس ہے، آپ کو دے دی گئی ہے۔

جناب والا! پرسوں انتہائی قابل احترام اور عزت مآب Chief Justice of Pakistan نے بیان دیا جو کل کے تمام اخبارات میں main headlines پر چھپا۔ وہ قاضی القضاۃ ہیں، میں نے ان کی تقریر بھی تھوڑی سی سنی تھی، مجھے ان کی تقریر اچھی لگی، بڑے dignified انداز میں، بڑے اچھے الفاظ میں انہوں نے اپنا مدعا بیان کیا اور مدعا بیان کرتے وقت انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ ٹھیک کام نہیں کر رہی، نہ قائد ایوان کو بات کرنے دی جاتی ہے اور نہ Leader of the Opposition کو بات کرنے دی جاتی ہے۔ معیشت کبھی ICU میں ہے، کبھی ICU سے باہر ہے، کرکٹ ٹیم بھی ٹھیک نہیں کھیل رہی۔ کچھ اور بھی باتیں کیں لیکن انہوں نے کہا کہ عدلیہ بہتر کام کر رہی ہے۔ جناب والا! بات یہ ہے کہ پارلیمنٹ میں جو لوگ بیٹھے ہوئے ہیں وہ تو مردودِ حرم ہیں ہی، my Lord! آپ کہتے ہیں کہ معیشت ICU میں ہے 2017 میں تو ICU میں نہیں تھی، 2017 میں تو my Lord! IMF بھی یہی کہہ رہا تھا، Asian Development Bank, World Bank and World Bank کی تو ابھی پرسوں، ترسوں ایک اور report آئی ہے، انہوں نے کہا ہے کہ نواز شریف کی حکومت ہٹانے کے بعد معاشی عدم استحکام پیدا ہوا۔ کیا Economist, Bloomberg, Moody's, ہر ادارے نے یہ کہا کہ پاکستان G-20 میں شامل ہونے جا رہا ہے۔ یہ record کی بات ہے کہ پاکستان کی Stock Exchange دنیا کی پانچ stock exchanges جو بہتر perform کر رہی تھی، ان میں ایک پاکستان کی Stock Exchange بھی تھی۔

My Lord, My Lordship! ذرا اس پر بھی تو روشنی ڈال دیں کہ ایک معیشت جو کہ G-20 میں شامل ہونے جا رہی ہے وہ آخر ICU میں کیسے چلی گئی؟ اسے

ICUمیں پہنچانے والے کون لوگ ہیں؟ نواز شریف نے کیا قصور کیا تھا؟ مجھے معلوم ہے My Lord! کہ سپریم کورٹ میں بڑے بڑے جج پیدا ہوئے ہیں، آپ بھی بہت بڑے جج ہیں، ہمیں آپ سے بھی بڑی توقعات ہیں، بڑی عزت والے ہیں لیکن جسٹس کیانی پیدا ہوئے تو اسی عدلیہ سے جسٹس منیر بھی تو پیدا ہوئے ہیں۔

جناب والا! یہ پارلیمنٹ ایسی چیز ہے کہ جب پارلیمنٹ ہوتی ہے تو پھر لوگوں کو بات کرنے کی ہمت ہوتی ہے اور جب یہ نہیں ہوتی تو My Lord! یہ سپریم کورٹ پرویز مشرف کو تین سال کے لیے آئین میں ترمیم کرنے کی اجازت بھی مرحمت فرمادیتی ہے۔ یہ بڑی عجیب وغریب سی تاریخ ہے۔ جسٹس کیانی تھے، جسٹس منیر وہ اس کے برعکس تھے۔ سعیدالزمان صدیقی تھے، جنرل نہیں جسٹس ارشاد، جنرل کہنے کو اس لیے جی چاہتا ہے کہ انہوں نے شاید تین سال کے لیے ترمیم کا اختیار دیا تھا۔ ایک طرف آپ ہیں، دوسری طرف ثاقب نثار صاحب تھے۔ کیا اس وقت بھی اچھا کام ہو رہا تھا؟ معیشت کو ICUمیں لانے کے ذمہ دار جو بھی لوگ ہیں، ان کے بارے میں بھی تو اظہار خیال ہونا چاہیے ناں۔ آپ کا خاندان ایک بڑا خاندان ہے۔ آپ کے بھائیوں نے بڑے بڑے دلیری کے کام کیے ہیں۔ مجھے ایک ایک بات یاد ہے، میں نام نہیں لینا چاہتا، ان کے مضامین بھی چھپے ہیں، انہوں نے بڑی بہادری سے بہت سارے کام کیے ہیں، آپ بھی کرلیں۔ آپ نے پرسوں بڑے dignifiedانداز میں تقریر کی لیکن جناب والا! بہت ساری اور بھی تو باتیں ہیں۔ مجھے بتائیں کہ نواز شریف کس جرم کی سزا کاٹ رہا ہے؟ My Lord! مجھے آپ یہ بھی بتایئے کہ کیا چیئرمین نیب نے یہ نہیں کہا کہ اگر میں اس حکومت کا احتساب کروں تو یہ دس دن میں گر جائے گی۔ یہ انہوں نے کہا ہے ناں، یہ میں نے تو نہیں کہا۔ اس کا کیا مطلب ہے؟ اس کا مطلب یہ ہے کہ احتساب across the board نہیں ہو رہا۔ نواز شریف بیمار ہے، اس کی دو open heart surgeries بھی ہو چکی ہیں، kidney issue ہے، blood pressure, sugar اور heart pace کا بھی issue ہے۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں ذرا پانی پی لوں؟ میں تھوڑا بیمار ہوں اس لیے میں اجازت مانگ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی پی لیں۔ مشاہد صاحب اگر وہاں جا کر پی لیں کیونکہ یہ کہیں رواج ہی نہ بن جائے۔ تب تک اگر اجازت دیں تو میں کسی اور کو بولنے کی اجازت دوں۔ Point

point of order کوئی نہیں ہوگا، بجٹ جاری ہے۔آپ نے کتنے point of order کرنے ہیں؟ عثمان خان کاکڑ! بیٹھ جائیں۔ وہ آگئے، ایک منٹ بھی نہیں لگا۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ میں بہت معذرت خواہ ہوں، تمام لوگ یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں اور میں مخل ہوا۔جناب والا! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جب ہم جیل میں جاکر میاں صاحب سے پوچھتے ہیں تو وہ الٹا ہماری طبیعت پوچھنا شروع کر دیتے ہیں۔مجھ سے آخری ملاقات میں انہوں نے پوچھاکہ آپ کی سرجری کب ہوگی؟اور جب بھی ہو تو مجھے بھی بتانا۔ کبھی بھی انہوں نے یہ نہیں کہاکہ مجھے یہ مسئلہ ہے، یہ مسئلہ ہے۔اللہ کے فضل و کرم سے جس طرح وزیراعظم ہاؤس میں بیٹھے ہوتے تھے اسی طرح جیل میں بیٹھے ہوئے ہیں اور ان کے reflexes میں، میں نے کوئی فرق نہیں دیکھا،میں نے بھی پندرہ، بیس جیلیں کاٹی ہوئی ہیں، مجھے معلوم ہے کہ جیل کیا چیز ہوتی ہےاور میرے اوپر بھی کوئی کیس نہیں بنا،ایسے ہی سائیکل چوری کے کیس بنے جس طرح سے کہ میاں صاحب پر بنایا گیا ہے اور انہیں جیل میں رکھا جارہا ہے۔My Lord! آپ کو پتہ ہے کہ یہ ایک بین الاقوامی سازش بھی تھی،ایک London Plan بھی تھا، اس میں بہت سارے national and international player تھے جس کے نتیجے میں یہ سب ہوا۔

جناب چیئرمین!آپ ذرا سوچیں کہ صرف نواز شریف کو جیل نہیں جاناپڑابلکہ اس کی بیٹی کو بھی جیل جاناپڑا، یہ مشرقی معاشرہ ہے، یہاں پر میں پندرہ، بیس مرتبہ جیل گیا ہوں، میں نے اپنی فیملی پر پابندی لگائی تھی کہ مجھے وہاں پر کوئی ملنے نہ آئے کیونکہ اچھا نہیں لگتااور آپ یہ دیکھیں کہ یہ نا کردہ گناہ ہے۔جناب! صرف نواز شریف کو سزا نہیں ہے بلکہ اس کی 48 سالہ رفیقہ حیات کو بھی سزادی گئی،اس کامذاق اڑایا گیاکہ یہ بیمار ہے ہی نہیں، یہ جس ہسپتال میں ہے یہ تو ہسپتال ہی شریف فیملی کا ہے اور وہاں پر تو یہ علاج ہی نہیں ہوتا۔پہلے میاں صاحب کی open heart surgery ہوئی اس وقت بھی یہی کہا گیااور یہ کتنی افسوس ناک بات ہے کہ آپ کسی کی بیماری پر، کسی کی موت پر یوں کہیں۔کلثوم نواز تو ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مر گئی، وہ تو اب اس دنیا میں نہیں ہے، نواز شریف کو یہ قلق ساری زندگی رہے گاکہ جب میرا برا وقت تھااور نواز شریف کو تو ہمیشہ اس ملک کی عوام سے محبت کرنے کی سزا ملی ہے۔جب اس نے ایٹم بم کے دھماکے کیے تھے تو پوری دنیا اسے منع کر رہی تھی جبکہ عوام کہہ رہی تھی کہ کرو تو اس نے کر دیے۔حکومت چلی گئی اور چلی اس لیے گئی کہ وہ کارگل پر کمیشن بنا رہے تھے، ابھی بھی آپ دیکھ

لیں کہ صرف نواز شریف کو سزا نہیں ہے، اس کے وزیر خارجہ پر بھی کالک پھینکی گئی، اس کے Information Ministerکو اور طارق فاطمی جو ان کے Special Assistant تھے، ان کو بھی سزا دی گئی، وزیر داخلہ کو گولی ماری گئی، میاں نواز شریف صاحب پر جوتا پھینکا گیا۔ یہ سب ایسے نہیں ہو رہا تھا، یہ ایک منصوبہ بندی کے تحت ہو رہا تھا اور وہ حکومت میں بھی تھے، ابھی کہا یہ جاتا ہے کہ یہ کیس ہم نے تو نہیں بنائے۔ایک سانس میں یہ کہتے ہیں کہ ہم چھوڑیں گے نہیں، احتساب کریں گے جبکہ دوسری سانس میں یہ کہا جاتا ہے کہ یہ کیس ہم نے تو نہیں بنائے۔ یہ بڑی دلیری کی بات ہے کہ کہا جائے کہ ہم چھوڑیں گے نہیں اور یہ بڑی بزدلی کی بات ہے کہ ہم نے تو کیس ہی نہیں بنایا۔ بھائی! نواز شریف آج جس کیس میں جیل میں ہے وہ کیس نواز شریف کے وزیر اعظم ہوتے ہوئے بنے اور آپ اس میں مدعی ہیں، آپ بہادری سے بات کریں اور جو کام کیا ہے اس سے منہ تو نہ چھپائیں۔ بہت سارے کیس بنے تھے اور کیس آپ پر بھی بنے تھے لیکن نواز شریف نے آپ کو جیل میں نہیں ڈالا، نہ کبھی کہا کہ میں تمہیں نہیں چھوڑوں گا، جیل میں ڈالوں گا، کبھی بھی نہیں کہا اور نہ ڈالا۔ آپ اشتہاری مجرم ہیں آپ نے پارلیمنٹ پر حملہ بھی کیا، PTVپر قبضہ بھی کیا، Prime Minister Houseپر حملہ کیا، جمہوریت کی قبر بنائی، سپریم کورٹ کی دیواروں پر گندی شلواریں ٹانگیں لیکن نواز شریف نے آپ کو جیل میں تو نہیں بھیجا اور نہ آپ کے کسی ساتھی کو بھیجا۔ آپ کہتے ہیں کہ ہم کسی کو چھوڑیں گے ہی نہیں اور پھر چوبیس گھنٹے کے بعد آپ اس کے برعکس بھی کر دیتے ہیں لہٰذا میں یہ کہنا چاہتا ہوں، وہ ہے ناں کہ۔۔۔ نواز شریف ہی کے لیے کہ، مجھے نہیں پتہ، وہ ہے کہ، ابھی میرے ذہن میں آیا تھا کہ

خبر نہیں کہ بلا خانہ سلاسل میں
تیری حیات ستم آشنا پہ کیا گزری
خبر نہیں کہ نگار سحر کی حسرت میں
تمام رات چراغ وفا پہ کیا گزری

فیصلوں سے لوگوں کو جیلوں میں تو ڈالا جا سکتا ہے۔ نواز شریف جیل میں چلا گیا ہے۔ اس کی بیٹی بھی چلی گئی تھی۔

جناب چیئرمین: مشاہد صاحب!Please wind up کر لیں۔

سینیٹر مشاہداللہ خان: جناب چیئر مین! کل تو آپ حاتم طائی بنے ہوئے تھے۔ آج آپ کو کیا ہوا ہے؟

جناب چیئر مین: نہیں، آج آپ کے لیے بھی حاتم طائی بنا ہوا ہوں۔

سینیٹر مشاہداللہ خان: آج آپ شیخ سخی اللہ بن گئے ہیں۔

جناب چیئر مین: آج جمعہ ہے۔ باقی ساتھی بھی انتظار کر رہے ہیں۔ آدھا گھنٹہ already ہو گیا ہے۔

سینیٹر مشاہداللہ خان: میں جلدی ختم کرتا ہوں۔ تھوڑا سا وقت دے دیں۔ نواز شریف کو آپ نے تو پابند سلاسل کر دیا ہے لیکن اس کا سر نہیں جھکا سکے۔ اس کی بیٹی کا سر نہیں جھکا سکے۔ اس کی پارٹی کا سر نہیں جھکا سکے۔ سینیٹر راجہ محمد ظفرالحق صاحب کا سر بھی جھکا نہیں سکے۔ اصل بات یہ نہیں ہوتی کہ آپ نے کسی کے خلاف جعلی کیس بنایا اور اس کو جیل میں ڈال دیا۔ پتا ہے سر کس کا جھکتا ہے، جن کی سرگرمیاں مجرمانہ ہوتی ہیں۔ وہ دیوار پھلانگ کر بھی بھاگ جایا کرتے ہیں۔ نواز شریف نے لوڈشیڈنگ ختم کی۔ گیس کی لوڈشیڈنگ ختم کی۔ ہزار میگاواٹ بجلی بنائی۔ CPEC دیا۔ گوادر دیا۔ نیلم جہلم دیا۔ infrastructure بنوایا۔ موٹرویز بنوائے۔ Industrial zones بنوائے۔ میٹروز بنوائیں۔ اورنج ٹرین بنوائی۔ اس کو توان باتوں پر سزا دی گئی ہے۔ اور تو کچھ اس نے نہیں کیا۔ باقی اس کی ذاتی زندگی کو تو میں جانتا ہوں۔ آج کہا جاتا ہے کہ آپ ہماری مرضی کا علاج کروائیں گے۔ مریض کی مرضی کا علاج تو مریض کی مرضی سے ہوتا ہے۔ آج بے شمار پاکستانی، پاکستان میں بھی اور پاکستان سے باہر بھی علاج کروا رہے ہیں لیکن نواز شریف ہماری مرضی سے علاج کرائے گا۔ ٹھیک ہے۔

جناب چیئر مین! آج بھی میں آپ کو بتاتا ہوں کہ بہت سارے لوگ ملک سے باہر اور ملک کے اندر نواز شریف کے خرچے پر علاج کروا رہے ہیں۔ میں تیس سال سے تو اس بات کا گواہ ہوں کیونکہ میں خود لوگوں کو لندن بھیجا کرتا تھا جب میں PIA میں تھا۔ کبھی stretcher پر اور کبھی ویسے بھیجتا تھا لیکن آج نواز شریف کا علاج نہیں ہو رہا ہے۔ علاج کیوں نہیں ہو رہا ہے؟ نواز شریف نے کہا کیا تھا کہ

آج تم مجھ سے میری جنس گراں مانگتے ہو
حلف ذہن و وفاداری جاں مانگتے ہو
جاؤ یہ چیز کسی مدح سرا سے مانگو

طائفے والوں سے ڈھولک کی صدا سے مانگو
اپنے دربانوں سے، بدتر فقرا سے مانگو
اپنے دربار کے گونگے شعرا سے مانگو
مجھ سے پوچھو گے تو خنجر سے عدو بولے گا
گردنیں کاٹ بھی دو گے تو لہو بولے گا

نواز شریف نے یہ کہا تھا ناں۔ اور تو کوئی قصور اس کا نہیں ہے۔ اس نے تو اس ملک کی بڑی خدمت کی ہے۔ تین مرتبہ وزیر اعظم بنا ہے۔ آج حساب لیا جاتا ہے کہ پچھلے دس سال کا حساب دو۔ بالکل حساب دینے کو تیار ہیں لیکن میرے بھائی آپ بھی پانچ سال KP کا اور ایک سال یہاں کا حساب تو دیں ناں۔ ویسے تو آپ پنجاب، سندھ اور بلوچستان میں احتساب کرنا چاہتے ہیں۔ KP میں تو آپ نے احتساب کمیشن ہی ختم کر دیا ہے۔ مجھے بتائیں ناں کہ اگر آپ کو احتساب کا اتنا شوق ہے تو KP میں آپ نے کتنے لوگوں کا احتساب کیا ہے۔ آپ کی وہاں پر حکومت ہے ناں۔ میں تو نہیں چاہتا کہ KP میں بھی کوئی اس طرح کا احتساب ہو جس طرح یہاں پر آپ کر رہے ہیں لیکن آپ کی پارٹی کا نام تو تحریک انصاف ہے ناں۔ آپ انصاف کریں گے تو آپ کی پارٹی کا نام قائم رہے گا ورنہ لوگ اسے پاکستان تحریک انتشار کہنا شروع ہو جائیں گے۔

جناب چیئرمین! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ دس سال کی بات کرنا بڑا آسان کام ہے حالانکہ آپ کو پیپلز پارٹی کے جو پانچ سال ہیں ان کی بات علیحدہ کرنی چاہیے اور ہمارے پانچ سال کی بات علیحدہ کرنی چاہیے۔ اس میں بھی آپ چکر دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس لیے کہ ہمارے دور میں GDP 5.8% پر تھی۔ آپ ملا کر بات کرتے ہیں۔ بھائی جان! بات یہ ہے۔ !My Lord میں آپ سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ نے بیان بڑا زبردست دیا ہے لیکن تاریخ میں جو روٹی توڑ قلندر رہیں، کبھی ان کا نام سنہرے حروف سے نہیں لکھا جاتا۔ آپ نے تو کل کہا کہ عدلیہ اچھا کام کر رہی ہے۔ ہم نے کب کہا ہے کہ اچھا کام نہیں کر رہی ہے لیکن اسی عدلیہ کے ایک سابق چیف جسٹس نے ایک ایسا ریکارڈ قائم کیا ہے جو ہزاروں سال میں کبھی قائم نہیں ہوا۔ ثاقب نثار صاحب بحیثیت چیف جسٹس لندن میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔ ایک طرف بھی اور دوسری طرف بھی تحریک انصاف کے عہدیدار بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہ چشم فلک نے پہلی مرتبہ دنیا میں دیکھا ہے۔ پاکستان کے کسی مجسٹریٹ نے یہ کام کبھی نہیں کیا ہے۔ کسی سول جج نے یہ کام نہیں کیا ہے۔ وہ اپنی غیر جانبداری کو برقرار رکھتے ہیں۔ لوگوں کی ہمدردیاں ہو سکتی ہیں۔ ڈیم فنڈز۔ !My Lord مجھے ذرا

بتائیں کہ اس وقت ڈیم فنڈ کتنا اکٹھا ہوا تھا۔ اس وقت تو آپ کہتے تھے کہ پاکستان بنجر ہو گیا ہے۔ کچھ نہیں بچا۔ ختم ہو گیا ہے۔ پانی نہیں ہے۔ اشتہار چل رہے تھے۔ جناب چیئر مین! کیسے کیسے مزیدار اشتہار چل رہے تھے۔ انہوں نے جو کچھ کیا ہے۔ مجھے ایک بات آپ بتائیں۔ آج آپ تھوڑا سا حاتم طائی ہمارے لیے بھی بن جائیں۔ آپ کی بڑی مہربانی ہو گی۔

جناب چیئر مین: مشاہد اللہ صاحب! آدھے گھنٹے سے اوپر ہو گیا۔ جمعے کا دن ہے۔ باقی ساتھیوں نے بھی بولنا ہے۔ 35 منٹ سے آپ بول رہے ہیں۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان: کل بھی دو ہی بندوں نے تقریریں کیں۔ آج بھی دو تقاریر کر لیں گے۔ میں دو بندوں کی گارنٹی دیتا ہوں۔ آپ فکر نہ کریں۔

جناب چیئر مین: پھر ملک صاحب ناراض ہو جائیں گے۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان: ملک صاحب میرے بھائی ہیں۔ کبھی ناراض نہیں ہوں گے۔

جناب چیئر مین: جی۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان: جناب چیئر مین! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ڈیڑھ سال "پانامہ، پانامہ" ہوا ہے۔ اسی عدلیہ کے در و دیوار میں اس کی پکاریں سنتے رہے لیکن نکلا تو "اقامہ" ناں۔ جناب چیئر مین! بڑے بڑے جج گزرے ہیں۔ آج بھی جسٹس فائز عیسیٰ بیٹھے ہوئے ہیں۔ ان کی عظمت کو ہم سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے بڑی بہادری سے فیصلہ کیا ہے۔ آپ جسٹس شوکت صدیقی کے بیان کو پڑھیں ناں! تو پھر پتا لگ جاتا ہے کہ یہ حکومت کیسے بنی ہے اور کیسے نہیں بنی ہے۔ الیکشن صحیح ہوا ہے یا نہیں ہوا۔ یہ میں نہیں کہہ رہا ہوں۔ یہ دھرنے کس نے کرائے تھے۔ کون ان کا sponsor تھا۔ آج تو بات ہوتی ہے کہ مذہب پر بات نہ کرو۔ یہ عجیب و غریب بات ہے کہ عمران خان صاحب مذہب پر بات کریں گے اور مولانا عطاء الرحمن نہیں کریں گے۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ آپ مذہب پر بات مت کریں۔ سب سے پہلی بات مذہب پر ہونی چاہیے۔ ہم اس لیے تو مذہب سے دور ہو گئے ہیں۔ ہم مذہب سے دور ہوئے ہیں تو ہمارا یہ حشر ہوا ہے۔ آج دنیا کا ہر نظام اس لیے فیل ہو رہا ہے کہ ہم اللہ کے نظام سے دور ہٹ چکے ہیں اور ہم پابندی لگاتے ہیں کہ مذہب پر ہم بات نہیں کرنے دیں گے۔ کیوں نہیں کرنے دیں گے؟ یہ بات تو ہو سکتی ہے کہ لوگوں نے مال غنیمت کے نام پر لوٹ مار کی تھی۔ لڑنا نہیں چاہتے تھے تو اس کا کوئی جواب ہی نہیں دے گا۔ کیا تاریخ کے اوراق کو درست کرنا لوگوں کی ذمہ داری نہیں ہے۔ میری بھی یہی ذمہ داری ہے، یہ صرف مذہبی لوگوں کی ذمہ داری نہیں ہے بلکہ یہ ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے۔ جناب چیئر مین! ہم بڑے

گناہ گار لوگ ہیں لیکن الحمدللہ ایمان کے معاملے میں ہم اپنے بچوں کو قربان کرنے کے لیے تیار ہیں۔ایسی بات نہیں ہے۔

(اس موقع پر اراکین نے ڈیسک بجائے)

سینیٹر مشاہداللہ خان: جناب چیئرمین! مذاق بنایا گیا ہے۔ مجھے بتائیں کہ اگر انصاف نہیں ہو رہا ہے۔ جسٹس فائز عیسیٰ نے اپنے فیصلے میں کیا کہا ہے کہ اس کے پیچھے لوگ پڑ گئے ہیں۔ کیا شوکت صدیقی نے یہ کہا تھا یا نہیں کہا تھا۔ My Lord! جو مجھے معلوم ہے کہ سپریم کورٹ میں کون پیغام لے کر جاتا ہے۔ یہ میں نے نہیں کہا۔ ایک جسٹس نے کہا ہے۔ اس نے یہ بھی کہا کہ نیب کی جو روزانہ کی proceedings ہیں کس دفتر میں جاتی ہیں مجھے یہ بھی پتا ہے۔ اس نے یہ بھی کہا کہ الیکشن سے پہلے ہم نواز شریف اور مریم کو جیل سے باہر نہیں آنے دیں گے۔ ایک اکھاڑا ہو گا اور ایک پہلوان ہو گا وہ چھلانگیں مارے گا اور وہی جیتے گا۔ نتائج چاہے تبدیل کرنے پڑیں یا پولنگ ایجنٹوں کو باہر نکالنا پڑے۔

جناب چیئرمین! میں اپنے فون میں آپ کو دکھا سکتا ہوں کہ 45 farm پر overwriting کے ثبوت موجود ہیں کہ جس کے 736 ووٹ ہیں، اس کے 36 کر دیئے ہیں اور جس کے 36 ہیں اس کے 736 کر دیئے ہیں اور overwriting ہوئی ہوئی ہے۔

جناب والا! اگر یہ چیزیں ہوئی ہیں My Lord! تو اس کو تو آپ ہی ٹھیک کریں گے، ہمیں تو آپ ہی سے توقع ہے۔ مجھے پورا یقین ہے آپ تاریخ میں اپنا نام ضرور لکھوائیں گے۔ اس لئے کہ بے گناہوں کو، نواز شریف جو ہے ناں۔۔۔

جناب چیئرمین: مشاہد صاحب! wind up کریں۔

سینیٹر مشاہداللہ خان: میں کرتا ہوں جی، بالکل ابھی کرتا ہوں۔ نواز شریف کے خلاف جب یہ جھوٹے کیس بنے ہیں تو اس نے تو ایک ہی بات کی، وہ جیل میں ہے لیکن جسٹس شوکت صدیقی نے ایک ایک بات واضح کر دی، جسٹس فائز عیسیٰ نے واضح کر دی کہ ہوا کیا ہے۔ نواز شریف نے سر نہیں جھکایا، آج بھی وہ یہی بات کہتا ہے کہ

روداد سرِ دامن کب تک نہ عیاں ہو گی ۔۔۔ ناکردہ گناہوں سے منہ میں تو زباں ہو گی
جس وقت جرائم کی فہرست بیاں ہو گی ۔۔۔ اس وقت عدالت کی اس بات سے مت ڈرنا
اے صبح کے متوالو، اس رات سے مت ڈرنا ۔۔۔ جس ہاتھ میں خنجر ہو اس ہاتھ سے مت ڈرنا
خورشید کے متوالو! ذرّات سے مت ڈرنا ۔۔۔ چنگیز نژادوں کی اوقات سے مت ڈرنا

ہاں شامل لب ہو گی نفرت بھی ملامت بھی　　یارانہ کدورت بھی دیرینہ عداوت بھی

قبروں پر کھڑے ہو کر جذبات سے مت ڈرنا　　اے صبح کے متوالو!اس رات سے مت　ڈرنا

جس ہاتھ میں خنجر ہو اس ہاتھ سے مت ڈرنا

جناب والا! میں آخر میں، دو تین منٹوں میں اپنی بات ختم کروں گا۔ ہم کسی سے لڑائی نہیں لڑنا چاہتے، ہمارے سب بھائی ہیں۔ یہ سوچ کا اختلاف ہے، یہ فرق سوچوں کا فرق ہے اور لکھا ہوا تو میں نے بہت کچھ تھا لیکن اب مشکل لگ رہا ہے۔

جناب چیئر مین: نہیں، نہیں بڑی مہربانی بہت وقت ہو گیا ہے، چالیس منٹ ہو گئے ہیں بڑی مہربانی۔

(مداخلت)

جناب چیئر مین: نہیں، نہیں پرویز رشید صاحب! اس طرح نہیں ہے۔ جی مشاہد اللہ خان صاحب! conclude کریں۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان: انہی کا ہی تو وقت ہے۔ جنہیں حقیر سمجھ کر بجھا رہے ہو تم، یہی چراغ جلیں گے تو روشنی ہو گی۔

جناب چیئر مین: مشاہد اللہ خان صاحب! پلیز۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان: بات یہ ہے، ہم میں فرق کیا ہے۔ ہمارا کسی حکومت سے مقابلہ نہیں ہے۔ ہمارا سوچ سے مقابلہ ہے اور وہ مقابلہ کیا ہے؟

تم کانٹوں کی بات کرتے ہو　　ہم پھولوں کی بات کرتے ہیں
تم خزاؤں کی بات کرتے ہو　　ہم بہاروں کی بات کرتے ہیں
تم اندھیروں کی بات کرتے ہو　　ہم اجالوں کی بات کرتے ہیں
تم جفاؤں کی بات کرتے ہو　　ہم وفاؤں کی بات کرتے ہیں
تم ظالموں کی بات کرتے ہو　　ہم مظلوموں کی بات کرتے ہیں
تم رہزنوں کی بات کرتے ہو　　ہم رہبروں کی بات کرتے ہیں
تم زخم کی بات کرتے ہو　　ہم مرہم کی بات کرتے ہیں
تم قطروں کی بات کرتے ہو　　ہم سمندروں کی بات کرتے ہیں
تم کوزوں کی بات کرتے ہو　　ہم دریاؤں کی بات کرتے ہیں
تم گندے تالابوں کی بات کرتے ہو　　ہم شفاف جھیلوں کی بات کرتے ہیں

تم بڑے بڑے فیلوں کی بات کرتے ہو          ہم چھوٹے چھوٹے ابابیلوں کی بات کرتے ہیں

Mr. Chairman: Mushahidullah Khan Sahib! thank you.

سینیٹر مشاہد اللہ خان: بس میں ختم کر رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: اچھا میں نے سمجھا یہ آخری شعر تھا جو پڑھ لیا۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان: یہ شعر تھوڑی ہیں، یہ تو دو سوچوں کی بات ہے۔ ویسے آپ مزہ نہیں لیتے، اندر اندر سے شاید لیتے ہوں۔

جناب چیئرمین: مشاہد اللہ خان صاحب! Please wind up کریں۔

سینیٹر مشاہد اللہ خان:

تم جوہری بم کی بات کرتے ہو          ہم صدائے گو تم کی بات کرتے ہیں
تم شعلہ بہ داماں ایٹم کی بات کرتے ہوں          ہم رزق کی بات کرتے ہیں
تم خوف کی بات کرتے ہو          ہم بچوں کی ہنسی کی بات کرتے ہیں
تم عسکریت کی بات کرتے ہو          ہم محبت کے اصولوں کی بات کرتے ہیں
تم طبل و لشکر کی بات کرتے ہو          ہم تطہیر بتول کی بات کرتے ہیں
تم بزدلی کی بات کرتے ہو          ہم شجاعت کی بات کرتے ہیں
تم بدمعاشوں کی بات کرتے ہو          ہم شریفوں کی بات کرتے ہیں
تم بربادی کی بات کرتے ہو          ہم آبادی کی بات کرتے ہیں
تم اجاڑنے کی بات کرتے ہو          ہم سنوارنے کی بات کرتے ہیں
تم زیگ سمتھ کی بات کرتے ہو          ہم صادق خان کی بات کرتے ہیں
تم نئے پاکستان کی بات کرتے ہو          ہم پرانے پاکستان کی بات کرتے ہیں
تم الحاد کی بات کرتے ہو          ہم ایمان کی بات کرتے ہیں
تم فرعون کی بات کرتے ہو          ہم موسیٰ کی بات کرتے ہیں
تم نمرود کی بات کرتے ہو          ہم ابراہیم کی بات کرتے ہیں
تم یزید و شمر کی بات کرتے ہو          ہم حسین ابن علی کی بات کرتے ہیں
تم بولہب کے گھرانے کی بات کرتے ہو          ہم درگاہ رسول ﷺ کی بات کرتے ہیں

جناب چیئرمین: شکریہ، مشاہداللہ خان صاحب، اب سراج صاحب کافی دیر سے انتظار کر رہے ہیں۔

سینیٹر مشاہداللہ خان: چلیں جی، بڑی مہربانی۔

جناب چیئرمین: جی سینیٹر سراج الحق صاحب۔

**Senator Sirajul Haq**

سینیٹر سراج الحق: الحمدللہ ربّ العالمین۔ والصلوٰۃ والسّلام علیٰ رسولہ الکریم۔ امابعد، فاعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی) صدق اللہ العظیم۔ اللہ رب کریم نے فرمایا ہے کہ جس نے میرا نظام چھوڑا، بغاوت کی، ان کی معیشت تنگ ہو جائے گی۔

جناب چیئرمین! مشاہداللہ صاحب نے بجٹ پر جو جامع خطاب فرمایا ہے، اس کے بعد میں ان کی باتوں کو آگے بڑھاتے ہوئے ذرا appreciate کرنا چاہتا ہوں، حوصلہ افزائی کرنا چاہتا ہوں، سرکاری بنچوں کے بیچ کہ اس بجٹ پر ہمارے پیارے بھائی نعمان وزیر صاحب نے بھی بات کی ہے، سابق وزیر خزانہ اسد عمر صاحب نے بھی بات کی ہے، جناب عالی، محمد سعد کا بھی تبصرہ آیا ہے اور پاکستان میں بہت سی چیزوں پر اتفاق نہیں ہوتا ہے لیکن پاکستان کی تاریخ کا یہ واحد بجٹ ہے جس پر سب کا اتفاق ہے کہ اس کو مسترد کرنا چاہیے۔ یہ عوام کا بجٹ نہیں ہے، یہ پاکستان کا بجٹ نہیں ہے اور میں تنگ نظری اور تعصب کی بات نہیں کرتا ہوں۔ یہ بجٹ ہماری حکومت نے بنایا ہی نہیں ہے۔ یہ بجٹ پی ٹی آئی نے نہیں بنایا ہے۔ یہ بجٹ ایک جرم ضعیفی کی سزا ہے اور بجٹ آنے سے قبل آئی ایم ایف کی آنٹی کرسٹین نے حکم دیا، دبئی میں ملاقات ہوئی، چین میں بھی ملاقات ہوئی اور پھر ہم نے ان کے اثرات کو دیکھا کہ ایک منتخب ایم این اے جو وزیر خزانہ تھے، جناب اسد عمر کو ہٹایا گیا اور آئی ایم ایف کا ایک کارندہ بٹھایا گیا۔ سٹیٹ بنک کے گورنر کو ہٹایا گیا اور اپنے ایک وفادار ملازم کو وہاں پر بٹھایا گیا۔ پھر یہ بجٹ انہی نے بنایا ہے، کسی منتخب ادارے، منتخب لوگوں نے نہیں بنایا اور یہی ہماری کمزوری ہے۔ یہ جرم ضعیفی بہت بڑا جرم ہے۔ اقبال نے اپنی ایک نظم میں فرمایا ہے، ایک شاعر کا تذکرہ کیا ہے:

کہتے ہیں کبھی گوشت نہ کھاتا تھا معرّی

پھل پھول پہ کرتا تھا ہمیشہ گزر اوقات

ایک دوست نے بھونا ہوا تیتر اسے بھیجا

شاید کہ وہ شاطر اسی ترکیب سے ہو مات

یہ خوانِ تر و تازہ معرّی نے جو دیکھا

کہنے لگا وہ صاحب عفران ولزومات

اے مرغک بے چارہ ذرا یہ توبتاتو

تیرا وہ گنہ کیا تھا یہ ہے جس کی مکافات ؟

افسوس صد افسوس کہ شاہیں نہ بناتو!

دیکھے نہ تری آنکھ نے فطرت کے اشارات

تقدیر کے قاضی کا یہ فتویٰ ہے ازل سے

ہے جرم ضعیفی کی سزا مرگِ مفاجات!

جناب چیئر مین! یہ جرم ضعیفی ہے۔ جس طرح گزشتہ دنوں برطانیہ میں ہماری کرکٹ ٹیم نے سرفراز صاحب کی قیادت میں زبردست شکست کھائی، ڈھیر ہو گئی۔ ہم سب کو اس پر افسوس ہے اس لیے کہ انڈیا کے مقابلے میں ہم ہر قیمت پر اپنی ٹیم کو سرخرو دیکھنا چاہتے تھے لیکن اس سے بڑھ کر شکست ہماری معاشی ٹیم نے کھائی ہے۔ یہ بجٹ حکومت کا نہیں ہے، اس کا stakeholder پاکستان کا ہر شہری ہے۔ اس کے اچھے اور برے اثرات ہر پاکستانی پر ہوں گے۔ ابھی یہ بجٹ منظور ہی نہیں ہوا ہے کہ ساری ساری رات پاکستان کے کروڑوں غریب عوام کروٹیں بدلتے ہیں، ان کو نیند نہیں آتی۔ ظاہر ہے کہ جس غریب کا بیٹا بھوکا سوئے، اس کا باپ کیسے اطمینان، سکون، چین کا نیند لے سکتا ہے۔

اس لیے جو سونامی کا لفظ ہم نے سنا ہے، اب سمجھ میں آئی۔ یہ غریب عوام پر، ان کی جیبوں پر ایک ڈاکہ ہے۔ یہ غریب کی جھونپڑی پر ایک خودکش حملہ ہے۔ یہ پاکستان کے عوام کے خلاف ایک بہت بڑی سازش ہے۔ میں اس بجٹ کو ایک شیطانی اور دجالی جال کہہ سکتا ہوں جس میں ہم سب پھنس گئے ہیں۔

جناب چیئر مین! Dictatorship اور جمہوریت میں یہی فرق ہے کہ dictatorship میں ایک امیر کا، ایک آمر کا لفظ خواہش، قانون اور نظام بنتا ہے۔ جمہوریت میں مشاورت ہوتی ہے۔ سینیٹ 22 کروڑ عوام کا نمائندہ ادارہ ہے جس میں تمام صوبوں کی برابر نمائندگی ہے لیکن مجھے افسوس ہے کہ اس بجٹ کے بارے میں ہمارے ساتھ پانچ منٹ کی بھی مشاورت نہیں ہوئی۔

جناب چیئر مین! ہر بجٹ کی ایک direction ہوتی ہے۔ کہتا ہے کہ یہ بجٹ میں نے اس لیے بنایا ہے کہ صنعت ترقی کرے، یہ بجٹ اس لیے بنایا گیا ہے کہ زراعت ترقی کرے، یہ

بجٹ اس لیے بنایا ہے کہ ہر پاکستانی کو صاف پانی ملے۔ سابق امریکی صدر Gerald Ford نے اپنے پہلے بجٹ میں اعلان کیا تھا کہ قوم مجھے اجازت دے کہ ہم امریکہ کے ہر گاؤں اور دیہات تک سڑک پہنچائیں۔ اس نے پہلے ہی tenure میں یہی کام کیا۔ مجھے افسوس ہے کہ اس بجٹ کی کوئی direction نہیں ہے۔ نہ اس میں صنعتوں کی ترقی کے لیے کچھ ہے، نہ اس میں زراعت کی ترقی کے لیے کچھ ہے، نہ اس میں energy کو بہتر بنانے کے لیے کچھ ہے اور نہ اس میں قوم کی صحت کے حوالے سے کچھ ہے۔ قوم کو تعلیم یافتہ بنانے کے لیے اس میں کوئی direction نہیں ہے۔ یہ بجٹ نہ نوجوانوں کے لیے ہے، نہ یہ بوڑھوں کے لیے ہے، نہ بچوں کے لیے ہے اور نہ ماؤں اور بہنوں کے لیے ہے۔ یہ ایک قرض نامہ ہے جس میں صرف اور صرف یہی اصول ہے کہ ہر وہ طریقہ اپنایا جائے جس کے ذریعے قوم کے غریب کو نچوڑ کر اور ان سے ٹیکس لے کر سودی قرضے ادا کیے جائیں۔

جناب چیئرمین! ایک اچھا بجٹ کیا ہوتا ہے؟ جس میں revenue generation ہوتی ہے، جس سے کاروبار اور تجارتی activities میں اضافہ ہو جائے لیکن اس بجٹ میں صرف اور صرف revenue collection کی بات ہے اور یہ revenue collection بھی غریب آدمی سے، عام آدمی سے، اس لیے اس بجٹ کے نتیجے میں اب دو پاکستان بنیں گے۔ ایک امیروں کا پاکستان اور ایک غریبوں کا پاکستان۔ اس بجٹ کے نتیجے میں middle class ختم ہو جائے گی۔ کچھ لوگ دن بھر محنت کریں گے تاکہ کچھ لوگوں کے کارخانے چلیں، تاکہ کچھ لوگوں کے بنگلے آباد ہوں، تاکہ کچھ لوگ بڑی بڑی گاڑیوں میں پھریں اور مزے کریں اور غریب آدمی صرف اور صرف ایک کام کرے گا کہ دن بھر محنت کرے گا اور ٹیکس ادا کرے گا۔

جناب چیئرمین! میں آپ سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس بجٹ کے نتیجے میں اگر یہ پاس ہوتا ہے تو جرائم میں اضافہ ہوگا۔ غربت میں اضافہ ہوگا۔ چند دنوں میں اگر ہر پاکستانی کی جیب میں سو روپیہ ہے، اس میں 37% کمی آئی۔ رات کو لوگ سوتے ہیں کہ ہماری جیب میں اتنے پیسے ہیں لیکن جب صبح اٹھتے ہیں تو اس میں کمی ہوتی ہے۔ اس لیے میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ حکومت کی بے بسی ہے۔ ایک وفاقی وزیر نے بہت اچھی بات کی ہے کہ ہمیں خود TV سے پتا چلتا ہے۔

جناب چیئرمین!اس حکومت نے کہا تھا کہ ہم برآمدات میں اضافہ کریں گے لیکن عجیب بات یہ ہے کہ برآمدات میں اضافے کے لیے انہوں نے پاکستان کی ان productions پر ٹیکس لگایا جس کے نتیجے میں تھوڑی بہت معاشی سرگرمیاں ہوتی تھیں۔ انہوں نے ٹیکسٹائل پر ٹیکس لگایا، چمڑے پر ٹیکس لگایا، سرجیکل اشیاء پر ٹیکس لگایا، قالینوں پر ٹیکس لگایا، کھیلوں کے سامان پر ٹیکس لگایا۔ جناب چیئرمین! آج سیالکوٹ والے رو رہے ہیں جو کھیلوں کا سامان ساری دنیا میں برآمد کرتے تھے۔ آج فیصل آباد والے رو رہے ہیں جہاں پر ٹیکسٹائل کے سب سے بڑے مراکز ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ کہتے ہیں کہ ہم قرضے نہیں لیں گے، قرضہ لینا خودکشی ہے، قرضہ لینا اور دینا اس پر بات نہیں کرتا لیکن یہ کہتے ہیں کہ چونتیس ہزار ارب سے زیادہ قرضہ پاکستان پیپلز پارٹی نے لیا، پندرہ ہزار ارب قرضہ مسلم لیگ (ن) نے لیا تھا لیکن اگر انہوں نے غلط کیا تو آپ نے دوگنا کیا، جو کارنامہ پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) نے دس سالوں میں کیا تھا آپ کا یہ کارنامہ ہے کہ آپ نے پاکستان پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کی حکومتوں کے مقابلے میں دس مہینوں میں ان سے زیادہ قرضہ لیا۔ آپ نے پاکستان کا حال بھی تباہ کیا، مستقبل بھی تباہ کیا، آئندہ آنے والی نسلوں کو تباہ کیا۔ آپ نے قوم کے پاؤں میں IMF کی زنجیریں ڈالی ہیں، کوئی mechanism نہیں ہے کہ آپ اس سے کس طرح نجات حاصل کریں گے۔ ہم پہلے سے کہا کرتے تھے کہ سودی نظام کا خاتمہ ہونا چاہیے اور آج یہ سودی نظام کا نتیجہ ہے کہ پاکستان کے بجٹ کا آدھے سے زیادہ حصہ سود میں اور قرضوں میں چلا جائے گا۔

جناب چیئرمین! میں آپ کو دلچسپ بات بتانا چاہتا ہوں کہ ماضی میں بھی ہم نے سودی نظام کے خلاف وفاقی شرعی عدالت میں کیس کیا ہے۔ اس حکومت سے قبل جو حکومتیں قائم تھیں، ان کے وکلاء آتے تھے، سودی نظام کا دفاع کرتے تھے اور یہ وہی وکلاء ہیں، نئی حکومت ہے، اسی بیانیہ کو لے کر سود کے دفاعی بیانیہ کو لے کر وہی وکلاء آج بھی ہمارے مقابلے میں وفاقی شرعی عدالت میں حاضر ہیں، میں کس طرح کہوں کہ یہ تبدیلی ہے۔ جناب چیئرمین! Law enforcement agency ہے جس کا کام امن قائم کرنا، باقی معاشی نظام چلانا اب IMF کا کام ہے۔ اب تعلیمی نصاب تیار کرنا، DFID کا کام ہے، صحت کا نظام بنانا WHO کا کام ہے۔ حکومت کا کام اب صرف یہی ہے کہ بس حکومت کرے۔ اس لیے تو کہتے ہیں کہ حکومت چلانا کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ بابا حکومت چلانا بہت مشکل کام ہے۔ اقبال نے فرمایا ہے۔

خدائی اہتمام خشک و تر ہے، خداوند! خدائی درد سر ہے

و لیکن بندگی استغفر اللہ، یہ درد سر نہیں درد جگر ہے

حکومت کرنا بہت مشکل کام ہے، یہی وجہ ہے کہ جب عمر بن عبدالعزیز خلیفہ بن گئے، واپس آکر روتے رہے، ان کی اہلیہ نے ان سے پوچھا کیا ہوا، انہوں نے کہا مجھ پر بہت بڑا بوجھ ڈالا گیا۔ یتیموں کی کفالت کرنی ہے، بیواؤں کی کفالت کرنی ہے، مظلوموں کو انصاف پہنچانا ہے لیکن میرے ملک کا وزیر اعظم کہتا ہے کہ حکومت کرنا کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ جناب والا! میں کہنا چاہتا ہوں، اللہ کا شکر ادا کرنا چاہتا ہوں کہ اللہ نے ہمیں بہت نوازا ہے۔ آپ کا تعلق بلوچستان سے ہے۔ آپ کے ضلع چاغی کے سو کلو میٹر کے علاقے میں اللہ تعالیٰ نے سونے کے ذخائر دیئے ہیں۔ میرے ملک پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے کرومائیٹ سے، یورنیم سے ہر چیز سے نوازا ہے۔ یہاں پر گیس موجود ہے، یہاں ایک ہزار کلومیٹر پر مشتمل ساحلی پٹی موجود ہے۔ دنیا کا تیسرا بڑا چنا پیدا کرنے والا ملک ہے، دنیا کا پانچواں بڑا گنا اور کینو پیدا کرنے والا ملک ہے، دنیا کا آٹھواں بڑا چاول اور گندم پیدا کرنے والا ملک ہے لیکن اس سب کچھ کے باوجود غلط معاشی نظام کی وجہ سے پاکستان کا ہر بچہ ورلڈ بینک کا مقروض ہے اور ہمارے بچے بھوکے سوتے ہیں۔

جناب والا! میں اپنے نظریات کی روشنی میں نہیں، PTI کے منشور کی روشنی میں بات کروں گا۔ انہوں نے قوم کے ساتھ وعدہ کیا تھا ہم ایک کروڑ نوجوانوں کو روزگار دیں گے۔ جناب چیئرمین! گزشتہ دس مہینوں میں ہمارے پانچ لاکھ بچے بے روزگار ہو گئے ہیں۔ انہوں نے قوم کے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ ہم پچاس لاکھ گھر تعمیر کرکے دیں گے، یہ ان کی پیش کردہ دستاویز ہے کہ گزشتہ سال تعمیرات مکانات کے لیے بجٹ میں جو پیسہ رکھا گیا تھا اس میں کمی ہوئی ہے۔ جناب چیئرمین! انہوں نے اعلان کیا تھا کہ ہم زراعت کو ترقی دیں گے۔ انہوں نے اعلان کیا تھا کہ ہم صنعت کو ترقی دیں گے لیکن بخدا آج کسان رو رہا ہے۔ خدا کی قسم آج مزدور رو رہا ہے۔ بخدا! آج طالب علم رو رہا ہے۔ جناب چیئرمین! ابھی میں حرم سے واپس آیا ہوں ، Overseas Pakistanis جنہوں نے رو رو کر PTI کے لیے دعائیں مانگی تھیں، اب رو رو کر اس حکومت سے نجات کی بات کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو معاف کرے۔

جناب چیئرمین! میں اختصار کی کوشش کر رہا ہوں لیکن یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس بجٹ میں قیمتوں میں اضافہ ہوا، آج 77 ہزار روپیہ فی تولہ سونے کی قیمت ہو گئی ہے۔ یہ تو اچھا ہوا کہ انڈیا سے مصنوعی سونا بازاروں میں ملتا ہے، سونے کی بات چھوڑیں، جناب چیئرمین! میں کہنا

چاہتا ہوں کہ گزشتہ عرصے میں دو سو فیصد سونے کی قیمتوں میں اضافہ ہوا۔ نو فیصد بجلی کی قیمت میں اضافہ ہوا۔ میں مانتا ہوں، جذباتی آدمی نہیں ہوں، کہتے ہیں کہ پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ بین الاقوامی مارکیٹ میں اضافے کیوجہ سے ہوا۔ گیس کی قیمتوں میں اضافہ، کہتے ہیں بین الاقوامی، لیکن آج میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ سیمنٹ کی قیمت میں فی بوری کیوں اضافہ ہوا۔ سیمنٹ جس پتھر سے بنتا ہے اس کے تو یہاں پر بڑے بڑے پہاڑ ہیں۔ جناب چیئر مین! میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ چینی کی قیمت میں فی کلو کیوں اضافہ ہوا۔ میں لاجز میں رہتا ہوں، ایک دن پینسٹھ روپے، دوسرے دن پچھتر روپے۔ جناب چیئر مین! دو دن پہلے لاجز کی دکان میں اسی روپے فی کلو چینی دی گئی۔ میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کس کے کہنے پر کیا گیا۔ علی محمد صاحب اس وقت نہیں ہیں، ان کی بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ کمیشن بنانا چاہیے، اس کی تحقیقات کرنی چاہیے کہ کس کے کہنے پر چینی کی قیمت میں اضافہ ہوا۔ گیارہ ملیں ایک آدمی کی ہیں، سترہ ملیں دوسرے آدمی کی ہیں، تئیس ملیں تیسرے آدمی کی ہیں، جس کے گودام میں پچاس لاکھ ٹن چینی پڑی ہوئی ہو، راتوں رات اربوں روپے ان کی اکانومی میں اضافہ ہوا۔ میں اس لیے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت نے جو ظلم عوام کے ساتھ کیا ہے اس ظلم کو واپس لے لیں۔ میں اس بیانیہ سے بہت اتفاق کرتا ہوں کہ جو بھی اس بجٹ کو ووٹ دے گا، میں سمجھتا ہوں کہ عوام کے ساتھ ظلم کرے گا، عوام کا استحصال کرے گا۔

جناب چیئر مین! انہوں نے وعدہ کیا تھا ہم تعلیم کو عام کریں گے لیکن تعلیمی بجٹ میں کمی کی گئی۔ آج پانچ کروڑ بچے زیر تعلیم ہیں، چار کروڑ بچے سکول میں ہیں، چودہ لاکھ بچے کالجوں میں ہیں، یونیورسٹیوں میں ہیں، اکتیس لاکھ بچے دینی مدارس میں ہیں، انہوں نے اعلان کیا تھا کہ ہم دینی مدارس میں ریفارمز کریں گے۔ علماء نے بھی appreciate کیا تھا کہ آؤ ہمارے مشورے کے ساتھ کرو، ہم بھی تیار ہیں لیکن اس بجٹ میں نہ ان اکتیس لاکھ دینی مدارس کے بچوں کے لیے کوئی پیسا رکھا گیا ہے، نہ پانچ کروڑ بچوں کے لیے جو پیسا رکھا گیا اس میں بیس فیصد کٹوتی ہوئی۔ HEC والوں سے ہم نے پوچھا کہ اب آپ کیا کریں گے، انہوں نے کہا کہ اب ہم فیسوں میں اضافہ کریں گے۔ اب ہم سٹاف میں کمی کریں گے، اب ہم کیا کریں گے کہ جو 171 projects چل رہے ہیں وہ رک جائیں گے۔ جناب والا! یہ تو آئین کا تقاضا ہے education for all یہ تو آئین کا تقاضا ہے health for all, لیکن اس حکومت نے ایک ویلفیئر پاکستان بنانے کی بجائے، جو ہماری رہی سہی تعلیمی کیفیت تھی اس کو بھی تباہ کرنے کی کوشش کی۔

جناب چیئرمین! جمعے کا دن ہے، میں اختصار کے ساتھ بات کرنا چاہتا ہوں لیکن ہمارے حکمران ہر جگہ کہتے ہیں کہ ہماری قوم چور ہے، قوم میں آپ بھی شامل ہیں، قوم میں ہم بھی شامل ہیں۔ میں کہنا چاہتا ہوں کیسے قوم چور ہے کہ ایک مزدور بھی 42 اقسام کا indirect tax دیتا ہے۔ آپ کے سر میں درد ہو اور ڈسپرین خریدیں، اس پر بھی 42 اقسام کا ٹیکس دیتے ہیں۔ خدانہ کرے کوئی مر جائے تو آپ مردے کو کفن پہناتے ہیں وہ مردہ بھی خزانے کو 42 اقسام کا ٹیکس دیتا ہے پھر بھی یہ حکومت کہتی ہے ہماری قوم چور ہے۔ صرف قوم کی بات نہیں کی بلکہ چودہ سو سال پرانے ان صحابہ کرام کو بھی نہیں بخشا کہ وہ بھی لوٹ مار میں شریک تھے۔ اگر یہ بات لاعلمی پر مبنی ہے تو sorry کرنی چاہیے، جہالت پر مبنی ہے تو توبہ کرنی چاہیئے، میں سمجھتا ہوں ہماری قوم چور قوم نہیں ہے، بہادر قوم ہے۔ غیرت مند قوم ہے، نڈر قوم ہے، مسئلہ اس قوم کی قیادت کا ہے۔ قیادت کے vision کا ہے، قیادت کے فلسفے کا ہے۔ آج جمعہ کا دن ہے اور میں اسی پر اپنی بات کو ختم کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: بڑی مہربانی۔

سینیٹر سراج الحق: جناب چیئرمین! NAB احتساب کر رہا ہے اور یہ کیسا احتساب ہے کہ ایک دن پہلے وزیر صاحب اعلان کرتے ہیں اور اگلے دن NAB اس کو گرفتار کرتی ہے، یہ احتساب تو نہیں ہوا؟ میں نے Panama leaks میں 436 افراد کے نام پیش کیے تھے، اگر نواز شریف صاحب کو سزا ہوئی بھی ہے تو وہ Panama leaks کی بنیاد پر نہیں ہے وہ دبئی کی ایک company سے تنخواہ لینے یا نہ لینے کی بنیاد پر ہے، اس لیے ان کی سزا کے بعد میں دوبارہ Supreme Court گیا کہ 436 افراد کو بھی بلایا جائے، ان کا بھی audit کیا جائے۔ آج تک NAB نے، آج تک Supreme Court نے اور آج تک اس حکومت نے ان کے بارے میں کچھ نہیں کیا، جناب چیئرمین! اس لیے کہ وہاں بہت بڑے لوگ موجود ہیں اور ان لوگوں میں بہت سارے لوگ موجودہ حکومت میں ہیں، میں یہ ہی کہنا چاہتا ہوں کہ میں احتساب کا قائل ہوں اور یہ اصول غلط ہے اور میرا چور زندہ باد اور تیرا چور مردہ باد، چور چور ہوتا ہے، وہ چاہے حزب اختلاف میں ہو یا حزب اقتدار میں ہو، اس لیے میں احتساب چاہتا ہوں لیکن احتساب کا آغاز اپنی ذات سے ہونا چاہیے، احتساب کا آغاز اپنی پارٹی سے ہونا چاہیے۔

جناب چیئرمین! میں آخر میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ عمر بن عبدلعزیز نے اپنے وزیر خزانہ سے کہا کہ بیت المال میں کچھ ہے؟ اس نے کہا خزانہ بھرا ہوا ہے، انہوں نے کہا تقسیم کرو،

یتیموں کی کفالت کرو، پھر انہوں نے کہا اور ہے؟ وزیر خزانہ صاحب نے کہا بہت کچھ ہے، پھر انہوں نے کہا اب عوام کی کفالت کرو، پھر پوچھا تو وزیر خزانہ نے کہا بہت کچھ ہے، انہوں کہا ملت میں جتنے بھی قرضدار ہیں ان سب کے قرضے ادا کرو، پھر پوچھا اب بھی کچھ ہے؟ وزیر خزانہ نے کہا اب بھی خزانے میں سب کچھ موجود ہے، پھر انہوں نے کہا اس قوم میں جتنے بھی بچے اور بچیاں جو بالغ ہیں اور وہ شادی کی استطاعت مالی لحاظ سے نہیں رکھ سکتے، ان کے لیے انتظام کرو، پھر پوچھا اب، وزیر خزانہ نے کہا اب بھی بہت کچھ ہے، پھر عمر بن عبد لعزیز نے کہا کہ بارڈر پر جو لوگ لڑتے ہیں، دشمن کے مقابلے میں جو لوگ شہید ہوگئے ہیں ان کے خاندانوں کے لیے انتظام کرو، جناب چیئر مین! میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس بجٹ میں جو ہمارے ستر ہزار لوگ شہید ہوگئے ہیں ان کے خاندانوں کی کفالت کے لیے کیا کیا گیا ہے؟ اس میں قبائلی علاقوں کے لیے کچھ نہیں ہے، اس میں پاکستان کے پسماندہ علاقوں کے لئے کچھ نہیں ہے۔

جناب چیئر مین: شکریہ، سینیٹر صاحب۔

سینیٹر سراج الحق: اس ملک کو صاف اور شفاف بنانے کے لیے کچھ نہیں ہے۔ یہ ایک IMF کی dictation ہے اور میں اس لیے افسوس کا اظہار کرتا ہوں اور آج تو میرا دل چاہتا ہے، جناب سینیٹر محمد اعظم خان سواتی صاحب موجود ہیں کہ ان سے تعزیت کا اظہار کروں کہ مجھے افسوس ہے کہ وہ ایک ایسے بجٹ کا دفاع کریں گے کہ ان کا اپنا ضمیر بھی مطمئن نہیں ہے ان پر بھی مسلط کیا گیا ہے لیکن ہم آپ کے ساتھ ہیں، جس طرح اسد عمر نے، جس طرح علی محمد نے اور جس طرح ان کے دوست سینیٹر نعمان وزیر خٹک صاحب نے کھل کر بات کی ہے کہ جو ظلم ہے ہم اس کو ظلم کہیں گے، آؤ مل کر اس ظلم کے مقابلے میں کھڑے ہوں۔ Opposition ساتھ دینے کے لیے تیار ہے، دوبارہ مشاورت کریں، اس بجٹ کو دوبارہ بنالیں ان شاء اللہ تعالیٰ ہم مشاورت کے ساتھ وہ مشورے کریں گے جس پر آپ عمل کریں گے تو آپ کو فائدہ ہوگا۔ جناب چیئر مین! میں ایک بار پھر آپ کے شکریہ کے ساتھ ان الفاظ پر اپنی بات ختم کرنا چاہتا ہوں کہ مسئلہ قوم کا نہیں ہے، مسئلہ قیادت کا ہے اور علامہ اقبال نے فرمایا تھا کہ

تو نے پوچھی ہے امامت کی حقیقت مجھ سے
حق تجھے میری طرح صاحبِ اَسرار کرے
ہے وہی تیرے زمانے کا امامِ برحق
جو تجھے حاضر و موجود سے بیزار کرے

دے کے احساسِ زیاں تیرا لہو گرما دے
فقر کی سان چڑھا کر تجھے تلوار کرے
فتنۂ ملتِ بیضا ہے امامت اُس کی
جو مسلماں کو سلاطیں کا پرستار کرے

اس لیے ایسی امامت فتنہ ہے جو ہمیں غیروں کا غلام بناتی ہے، جو ہمیں IMF کا غلام بناتی ہے۔

جناب چیئر مین: جی مہربانی۔

سینیٹر سراج الحق: جو ہمیں بین الاقوامی establishment کا غلام بناتی ہے، بہت شکریہ۔

جناب چیئر مین: سینیٹر اورنگزیب خان صاحب۔

**Senator Aurangzeb Khan**

سینیٹر اورنگزیب خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، جناب چیئر مین! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے بجٹ پر بولنے کا موقع دیا، میں ایک ہفتے سے Opposition کی دھواں دار تقریریں سن رہا ہوں اور سننا بھی چاہیے، حکومت کا کام ہے اچھے سے اچھا بجٹ پیش کرے اور Opposition کا کام ہے اس پر تنقید کرے۔ جناب چیئر مین! میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ دس سالوں میں 24 trillion قرضے کس نے لیے ہیں اور اس ملک کو قرض کے انبار پر کس نے کھڑا کیا ہے؟ یہ بات تو میں نے Opposition کی طرف سے نہیں سنی اور یہ بولنے کی جرأت بھی نہیں کر سکتے کہ یقیناً یہ ماضی کی حکومت کی غلطی ہے اور اسی نے یہ مسئلہ کھڑا کیا۔ میں افسوس سے یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ بجٹ کی تقریر پر 5% بھی بات نہیں ہوئی، ایک بات مشرق اور ایک بات مغرب سے ہوئی اور تمام عوام کا وقت خراب کیا گیا ہے۔

جناب چیئر مین! اس بجٹ میں PTI حکومت نے غریبوں کے لیے جو بغیر سود کے قرضے کا ذکر کیا ہے اور غریبوں کے لیے جو راشن کا package دیا گیا ہے اس پر کسی نے نہیں بولا، کم از کم حقیقت تو بولنا چاہیے، میں نے کل Opposition کی طرف سے صرف ایک ہی بات سنی، وہ بھی عثمان کاکڑ صاحب نے بتایا کہ جن لوگوں نے بھی قرضہ لیا ہے ان سب کا احتساب ہونا چاہیے۔ کس طرح ہونا چاہیے؟ اس نے تو ضیاالحق صاحب کے دور سے بات شروع کی، اس کو چھوڑیں دیں، آپ دس سالوں کا احتساب کریں، ہمارے پٹھانوں کی ایک مثال ہے کہ دو بھائی دوسرا حساب، یہ حساب کرنا پڑے گا اگر آپ جتنی بھی دھواں دار تقریریں کریں گے حساب تو ہوگا، یہ عوام دوست بجٹ ہے آپ کی طرف سے تو اس کو مسترد کیا گیا ہے لیکن کاش اگر

ماضی میں یہ عوام پر رحم کرتے تو آج یہ حالات پیش نہیں آتے، یہ کس کا قصور ہے؟ یہ بولنا چاہیے۔

جناب چیئرمین! میں آپ کو Steel Mills کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کیونکہ میں اس کا ممبر ہوں، کتنے سالوں سے بند پڑی ہوئی ہے، لوگ اپنی تنخواہیں لے رہے ہیں اور ایک پیسے کی income نہیں ہے، میں آپ کو یہ بھی بتاتا چلوں کہ ماضی کی حکومتوں کے دور میں Steel Mills میں ایسا بھی agreement موجود ہے کہ اگر steel مہنگی بھی ہوگی تو ہم مہنگے داموں میں بھی لیں گے۔ یہ کون سا انصاف ہے اور پھر ایسا بھی agreement موجود ہے کہ اگر steel مہنگی ہوگئی اور ہم raw material سستے داموں میں بیچتے ہیں وہ بھی agreement موجود ہے آپ check کر سکتے ہیں، ایک lobby بنی ہوئی تھی اور بیچ دیا جاتا تھا یہ ہمارے ملک کا انصاف ہے، آج بات آتی ہے اور پورے قرضوں کا ملبہ، جو انبار ہے وہ تمام قصور عمران خان صاحب کا ہے۔ حقیقت میں ہم اس کو ماننے کے لیے کبھی تیار نہیں ہیں، آج بات انصاف کی کریں یہ جرأت پیدا کریں، اس کے علاوہ PIA کی position دیکھیں، پوری دنیا میں PIA کا نام تھا، آج کیا سے کیا بنا ہے، کس وجہ سے؟ ماضی کی حکومت کی وجہ سے ہوا ہے۔

جناب چیئرمین! حقیقت پر بات کرنا ہر بندے کا کام نہیں ہے، حقیقت بیان کرنا چاہیے جیسے سراج صاحب نے فرمایا کہ آپ تو احتساب کی بات کرتے ہیں لیکن اپنے لوگوں کا نام نہیں لیتے ہیں میں آپ کو یہ guarantee دے رہا ہوں آپ لوگوں کی نشان دہی کریں، ہم سب سے پہلے اپنی پارٹی سے شروعات کریں گے۔

الزام لگانا تو بہت آسان کام ہے لیکن اس کو ثابت کرنا ضروری ہے۔ جناب چیئرمین! یہ ملک ایسے ترقی نہیں کر سکتا جس طرح میں ایک ہفتے سے تقاریر سن رہا ہوں۔ لوگوں نے چار چار گھنٹے تقریریں کی ہیں۔ مجھے یہ بتایا جائے کہ چار گھنٹوں میں کس نے انصاف کی بات کی، کسی ایک نے بھی نہیں کی۔ ہر بندہ اپنا دفاع کرتا ہے۔ ان تقریروں سے یہ چیزیں ٹھیک نہیں ہوتیں، احتساب کرنا ضروری ہے اور احتساب ہوگا۔ کمیشن جب بنے گا ان شاء اللہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہو جائے گا کہ اس ملک کے ساتھ کس نے ظلم کیا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سینیٹر صاحب Chair سے بات کریں۔ سینیٹر مولا بخش چانڈیو صاحب آپ interfere نہ کریں۔

سینیٹر اورنگزیب خان: جناب میں Chair سے ہی بات کر رہا ہوں۔ ہم نے بھی آپ لوگوں کی باتیں برداشت کی ہیں۔ ایک ہفتے سے جو آپ باتیں کر رہے ہیں وہ بولنے قابل نہیں لیکن ہماری مجبوری ہے سننا پڑے گا اور آپ بھی سنیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن صاحب، سینیٹر مولا بخش چانڈیو صاحب no cross talk please, کیوں ہاؤس کا ماحول خراب کرتے ہیں۔

سینیٹر اورنگزیب خان: جواب دینا ہمارا کام ہے کہ میں آپ کو جواب دوں۔ آپ اپنی اپوزیشن کی وکالت کریں اور میں ان شاء اللہ اصولی بنیادوں پر اپنی حکومت کی وکالت کروں گا کیونکہ یہ میرا فرض بنتا ہے۔ آپ لوگ بیشک جو بجٹ پر تنقید کرتے ہیں کبھی آپ نے یہ بات کی کہ یہ بجٹ کس وجہ سے اتنا خراب پیش ہوا۔ آپ لوگوں کی وجہ سے۔ اگر آپ لوگ صحیح حساب رکھتے اور ملک کو صحیح چلاتے تو آج یہ حالات نہ ہوتے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سینیٹر اورنگزیب خان صاحب ادھر دیکھ کر بات کریں۔

سینیٹر اورنگزیب خان: جناب چیئرمین! میں آپ ہی کی طرف دیکھوں گا کیونکہ مجھے پتا ہے کہ میری شکل ان کو اچھی نہیں لگ رہی لیکن برداشت کرنا چاہیے کیونکہ سچ ہمیشہ کڑوا ہوتا ہے لیکن یہ ان کو سننا پڑے گا۔ میری عرض یہ ہے جیسا کہ سینیٹر سراج الحق صاحب نے بتایا کہ یہ بجٹ پر ہمارے ساتھ مشاورت کرتے تو بہت اچھا پیش ہوتا۔ میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ دس سال میں کتنی مرتبہ بجٹ پیش ہوا کبھی کسی نے پی ٹی آئی ممبر کے ساتھ مشورہ کیا۔ ہمیں یہ طریقہ نہ بتائیں، مجھے یہ بتائیں آپ نے جو چوبیس ٹریلین قرضے لیے، ان کو آپ نے کس طرح استعمال کیا۔ عوام پر کتنا پیسا لگایا اور کتنی کرپشن کی، اس کا حساب دیں۔ یہ حساب ضروری ہے، اس کے بارے کی کسی نے بات نہیں کی۔ آج ہم اس پارلیمان کو مساوی طریقے سے چلاتے ہیں کبھی مت سوچو، آپ ماضی میں کبھی ایک کرپشن کا کیس سامنے لائے کہ اس وجہ سے ہمارے حالات خراب ہیں۔ جناب چیئرمین! میری بات غور سے سنیں کیونکہ میرا تعلق سابقہ فاٹا سے ہے اور سیاست میں ہم بہت کمزور ہیں لیکن الحمدللہ خدا نے یہ جرأت دی کہ سچ بول سکتا ہوں اور سچ بولنا چاہیے اگر کوئی بات سچ نہیں کہیں گے تو پھر اس پارلیمان میں بیٹھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ آج اس ایوان میں آدھا آدھا گھنٹے شاعری کرتے ہیں کیا یہ مشاعروں کے لیے ہے۔ مشاعرے کے لیے الگ پارٹی بناؤ اور مجھے

بھی اس میں invite کریں۔ یہ ہاؤس بجٹ کی تقاریر کے لیے اور ممبر کو وقت دینا چاہیے۔ جناب! شکر الحمد للہ تاریخ میں پہلی مرتبہ سابقہ فاٹا۔۔۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: No cross talk.

سینیٹر اورنگزیب خان: مجھے وزارت نہیں چاہیے میرے لیے سینیٹ کی membership ہی کافی ہے لیکن یہ باتیں سن لیں۔ یہ ایک جمہوری عمل ہے کوئی منسٹر، وزیر اعلیٰ۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ماحول خراب نہ کریں۔ سینیٹر ڈاکٹر اسد اشرف صاحب اور باقی سینیٹرز صاحبان ہاؤس کا ماحول خراب نہ کریں۔

سینیٹر اورنگزیب خان: جناب چیئرمین! میں سابقہ فاٹا کی طرف آتا ہوں کہ تاریخ میں پہلی مرتبہ ضم شدہ فاٹا کے لیے ایک سو چوراسی بلین رکھے گئے ہیں۔ مجھے یہ بتایا جائے کہ چوبیس اور بائیس ارب سے زیادہ کسی نے کبھی رکھے ہیں۔ میں اس حکومت کا شکر گزار ہوں۔ آپ بولیں گے کہ یہ بے انصافی ہے لیکن سابقہ فاٹا کے ساتھ انصاف کیا۔ فاٹا کے علاوہ بلوچستان، گلگت بلتستان جو ان کے پاس بجٹ تھا متاثرہ علاقوں کا انہوں نے ان کا زبردست خیال رکھا ہے۔ آپ بجٹ book check کریں الحمد للہ غریب عوام خوش ہے۔ اگر اپوزیشن کو یہ منظور نہیں تو یہ بھی ان کا قصور ہے کہ آپ نے کیوں چوبیس بلین قرضے لیے، کیوں کرپشن کرتے تھے۔ آپ اگر بجٹ پر ٹھیک طریقے سے خرچ کرتے تو آج یہ حالات نہ ہوتے۔ یہ قصور کس کا ہے بولنا چاہیے۔ جناب چیئرمین! الحمد للہ سابقہ فاٹا ہم پوری طرح اس بجٹ سے مطمئن ہیں۔ ہم اس کو زندہ باد کہتے ہیں اگر کسی کو تکلیف ہو وہ الگ بات ہے لیکن حق سچ کی بات کرنی چاہیے۔ میں یہ بھی گزارش کروں گا کہ الحمد للہ۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری صاحب انہوں نے کہہ دیا کہ سابق فاٹا۔

سینیٹر اورنگزیب خان: چلیں میں ان کی خوشی کے لیے خیبر پختونخوا کہہ دیتا ہوں یہ کوئی بڑی بات نہیں ہے۔ وہ بھی پٹھان ہیں اور ہم بھی پٹھان ہیں۔ جناب چیئرمین! اگر آپ کو یاد ہو تو انضمام کے وقت اپنے credit کے لیے راتوں رات bill کو پاس کیا۔ ممبر پورے نہیں تھے ہیلی کاپٹر کے ذریعے لایا گیا۔ جب PTI حکومت آئی مقابلہ کس نے کیا، بندے کس نے پورے کیے وہ

عمران خان نے ہی پورے کیے۔NFC میں حصہ برائے نام اور verbal تھا۔الحمدللہ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ جب ہم قرار داد پیش کرتے تھے تو ہمارے وزیر سے بھی جواب آیا کہ ہمارے پاس کوئی دستاویزات موجود نہیں ہیں لیکن اس کے باوجود بھی میں اپوزیشن کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کیونکہ حق بات کہنی چاہیے، وہ بل پاس کیا اور الحمدللہ آج NFC میں ہمارا حصہ اس بجٹ میں موجود ہے۔اس کے علاوہ سات اضلاع میں ایک کمیٹی مقرر کی گئی اور اس کمیٹی نے جا کر لوگوں سے پوچھ گچھ کی کہ آپ کو کیا چاہیے۔ ہسپتال، یونیورسٹی، بجلی یا پانی کی سکیم چاہیے جو کچھ بھی لوگوں نے کہا انہوں نے قبول کیا۔اس کو انصاف کہتے ہیں۔اس سے آگے کیا ہونا چاہیے۔آج چونکہ جمعہ کا دن ہے اس لیے میں زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا صرف to the point بات کرنی چاہیے۔ میں کہوں گا کہ سابقہ فاٹا کے لیے بجٹ میں بے شمار پیسہ رکھا ہے، جس کو میں appreciate کرتا ہوں لیکن پچھلی حکومتوں میں بھی فاٹا کے لوگوں کو ٹیکس میں چھوٹ دی گئی تھی۔اب گھی اور سٹیل پر ان لوگوں نے ٹیکس لگایا ہے جو کہ معاف کرنا چاہیے۔ساتھ ہی میں آپ کے توسط سے ایک اور مطالبہ کرتا ہوں کہ سابقہ فاٹا کا جو صوبائی اسمبلیوں کا بل نیشنل اسمبلی سے پاس ہوا ہے اور اس کو آج تک سینیٹ میں پیش نہیں کیا گیا۔عوام کا یہ مطالبہ ہے کہ جلد از جلد اس بل کو سینیٹ میں پیش کیا جائے تاکہ وہ سینیٹ سے پاس ہو کیونکہ وہاں اس وقت ہماری آٹھ سیٹیں ہیں جس سے عوام محروم ہو رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: بہت بہت شکریہ سینیٹر صاحب، سینیٹر عبدالرحمٰن ملک صاحب۔

سینیٹر محمد جاوید عباسی صاحب ایسا نہ کریں۔سب numbering پر ہے۔آپ list دے دیں۔

سینیٹر محمد جاوید عباسی صاحب آپ اس طرح کے کام کریں گے تو ہاؤس کا ماحول ٹھیک نہیں ہوگا، سینیٹر عبدالرحمٰن ملک صاحب۔

**Senator Abdul Rehman Malik**

Senator Abdul Rehman Malik: Thank you Mr. Chairman. First of all let me congratulate you as it is your first budget and I really wish you best of luck for the next two years.

(اس موقع پر سینیٹر احمد خان کرسئ صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب چیئرمین! دونوں طرف سے بہت سی باتیں ہوئیں اور بڑی اچھی اچھی باتیں ہوئیں اور ساتھ ہی میں welcome کرتا ہوں نئے ماشااللہ Acting Chairman Sahib کو اور خوشی ہوئی کہ young generation آج اس کو preside کر رہی ہے اور ہم بزرگ

لوگ سن اور دیکھ رہے ہیں۔ جس انداز سے بجٹ آیا، ایسا expected تھا۔ اس لیے expected تھا کہ جس طریقے سے IMF سالہا سال سے پاکستان میں encroach کر چکی ہے۔ 1952 میں پہلا قرضہ لیا گیا اور حکومتوں کو چسکا لگا جس کی وجہ سے easy governance کی طرف گئے as far as economy is concerned وہاں سے ہماری تباہی شروع ہوئی۔

Allow me to say what is actually ought to be said today to correct the record of this country. Mr. Chairman, I am on record here

کہ ڈالر 113 سے 150 ,140 ,130 تک جائے گا میں تاریخوں کے ساتھ بتا سکتا ہوں، میں نے اسی ایوان میں بتایا تھا اور میں نے request کی کہ مجھے undertaking دی جائے کہ یہ 120 سے نہیں بڑھے گا اور اس وقت کے Finance Minister undertaking نہیں دے سکے تھے۔ جناب! ہر ملک کی economy کے لیے حکومت وقت ایک hope ہوتی ہے، وہ hope government دیتی ہے اور وہ hope عام آدمی کے لیے ہوتی ہے because we all are sitting here for a common man. اس لیے میں کہوں گا کہ مشاہد اللہ بھائی ڈالر 160 کا ہو گیا، گھبرانا نہیں، خان صاحب آپ نے نہیں گھبرانا۔ اس لیے کہ 11.9 inflation ہو گئی ہے۔ آپ نے بالکل نہیں گھبرانا کیونکہ Aspirin دس روپے سے تیس روپے کی ہو گئی ہے۔ بالکل نہیں گھبرانا، اس لیے کہ حکومت ہمیں کہہ رہی ہے، نہیں گھبرانا۔ میں ان کو کہتا ہوں، آپ بھی نہ گھبرائیں، ہم سب ایک کشتی میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ اللہ نہ کرے جس انداز سے یہ کشتی چل رہی ہے اور جس انداز سے ہم آگے بڑھ رہے ہیں، ہم national default کی طرف جا رہے ہیں اور اس کی ذمہ داری ہم سب پر آتی ہے۔ یہ سوچنا ہے کہ اس کو لے کر آگے کس طرح چلنا ہے۔ وہ اسیر آصف علی زرداری نے کل اسمبلی میں کہا ہے کہ آئیں، بیٹھیں consensus, collective سوچ سے economy کو بہتر کریں۔

میں اسد عمر کو appreciate کرتا ہوں، جنہوں نے اپنی حکومت کی ان چیزوں کی نشان دہی کی ہے جو نہیں ہونی چاہییں۔ جب پوری قوم اور آپ کے اپنے leaders کہہ رہے ہیں کہ بجٹ واپس لیا جائے اور بہتر انداز سے بجٹ لایا جائے تاکہ غریب کے ساتھ انصاف ہو۔ جناب چیئرمین! اس وقت ہمارے جو issues ہیں، ان میں سب سے بڑا health کا ہے۔ میں آپ

کی وساطت سے قوم کو یہ realize کرانا چاہتا ہوں کہ اس وقت 166000 لوگ ایڈز زدہ ہیں جس کے لیے total budget request 266 million dollar کی گئی ہے۔ آپ نے اس کے لیے بجٹ میں کچھ نہیں رکھا اور 30 million propose کیے ہیں، شاید وہ بھی نہ ہوں۔ آپ کو 35 million World Health Organization دے رہی ہے، 205 million dollar کا shortfall ہے، اس کو کیسے پورا کریں گے؟ یہ وہ لوگ ہیں جو report ہوئے ہیں لیکن لوگ 35 centers میں بھی ہیں۔ آپ دیکھ رہے ہیں کہ ایڈز ملک میں پھیل رہی ہے اور یہ صرف سندھ میں نہیں ہے let me clear it and I challenge کہ یہ لاہور، پشاور، کوئٹہ ہر جگہ اور پورے ملک میں ہے لیکن افسوس ہے کہ صرف صوبہ سندھ کو target کیا جاتا ہے۔ میں جو اعداد و شمار دے رہا ہوں، کوئی ان کو چیلنج کر دے لیکن خدا کے لیے صوبوں میں rift پیدا نہ کریں۔ یہ نہ کریں، یہ ملک کی سالمیت کے لیے ٹھیک نہیں ہے۔

اس وقت یہ ایڈز، ہیپاٹائٹس 'سی' ملک میں جس انداز سے پھیل رہے ہیں، آنے والے پانچ سال ہمارے ملک کے لیے بہت خطرناک ہیں۔ میں حکومت سے پوچھتا ہوں کہ انہوں نے drug addicts کے لیے کتنے پیسے رکھے ہیں؟ Drug addiction جس طرح اسکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں میں اور depression کی وجہ سے بڑھ رہی ہے، سب کو معلوم ہے۔ KP سے میری بہن ڈاکٹر ہیں، وہ Principal بھی رہی ہیں، مجھے endorse کریں گی کہ یہ national issue ہے جس کو ہم نے مل کر address کرنا ہے۔ کیا یہ حکومت کا فرض نہیں تھا کہ اتنی بڑی بیماری کے علاج کے لیے کچھ مختص کیا جاتا؟ نہیں کیا گیا۔

جناب چیئرمین! جو چیزیں ایک عام سے تعلق رکھتی ہیں، اگر ہم ان کا مداوا نہیں کر سکتے تو افسوس کی بات ہے۔ بڑی بڑی تقریریں کرتے ہیں کہ ان کو فائدہ کیسے پہنچانا ہے، اس فائدہ کا طریقہ کیا ہے، again یہ جو بجٹ آیا ہے، یہ اس House کی امانت ہے، اگر اس پر ہماری وہ ساری recommendations نہیں جاتیں اور approve نہیں ہوتیں اور حکومت من مانی کرتی ہے تو پھر اگلے بجٹ کا حال بھی یہی ہوگا۔ میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں گا کہ کسی ملک کی economy is tied with the peace of the country. اگر ملک میں امن نہیں ہوگا تو یہاں investment نہیں آئے گی۔ میں نے دیکھا کہ Ministry of Interior جس کا بجٹ بڑھنا چاہیے تھا، کم کر دیا گیا ہے۔ ایک طرف ہم کہتے ہیں کہ ہم اس وقت

دہشت گردی کا شکار ہیں، آپ نے اس دہشت گردی کو control کرنے کے لیے کتنا بجٹ رکھا؟ اس کے خلاف action لینے کے لیے آپ نے کیا کیا؟

میں سمجھتا ہوں کہ وہ چیزیں جن کی ضرورت ہے، آپ Health کا بجٹ پچیس فیصد کم کر دیں گے، Education کا بجٹ کم کر دیں گے تو development structure جس میں آپ نے قوم کو بنانا اور تعمیر کرنا ہے، وہ کیسے لے کر چلیں گے؟ جناب چیئرمین! Policies چلانے کے لیے بنائی جاتی ہیں، آج ہم بڑی کوشش کے باوجود جیسا کہ سراج الحق صاحب نے بڑا اچھا کہا آنٹی کرسٹینا، وہ ہمیں summon کرتی ہیں they had a check to call and summon our Prime Minister and sitting Finance Minister and dictate terms. میں on record کہہ رہا ہوں کہ یہ بجٹ تو صرف دکھاوا ہے بنیادی طور پر IMF نے بجٹ پہلے ہی کروا دیا تھا۔ آپ کے ہاں گیس، بجلی، دوائیوں کی قیمتیں بجٹ سے پہلے بڑھیں۔ وہ کون سی طاقت تھی، وہ کون سی قلم اور وہ کون سا mindset تھا جو اتنی بڑی dictation دے کر ملک میں invisibly سب کچھ کروا رہا تھا جس کے لیے آج ہم سب بحث کر رہے ہیں۔ میرے دوست on my left side endorse کریں گے کہ ہمارے دل عوام اور پاکستان کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔ آپ صرف یہ بتائیں کہ آپ نے ایک مزدور کی basic wage میں ایک ہزار کا اضافہ کیا ہے، آپ نے 5% to 35% tax slab لگا دیا ہے یعنی آپ نے ان بے چارے غریب لوگوں کا دس فیصد بڑھایا، پانچ فیصد ٹیکس لگا دیا اور مہنگائی کا over 100% ہے۔ آپ آٹا، چینی، ٹماٹر، سرخ مرچ دیکھ لیں، fruits کی تو بات ہی نہ کریں اور گوشت غریب آدمی کی پہنچ سے پہلے بھی باہر تھا، اب بھی ہے۔ اس لیے کیا ہی اچھا ہوتا ہے کہ حکومت اپوزیشن کے ساتھ بیٹھ کر کہتی کہ یہ مسائل ہیں اور IMF نے ہمیں یہ کہہ دیا ہے، ہمارا گزارہ نہیں ہوتا let us sit together. Is it possible and I ask the Government that can we get rid of IMF or not? Cannot we use the model of Turkish Government? کیا ان کی حالت ہم سے بھی زیادہ خراب نہیں تھی؟ ارجنٹینا کی حالت بھی ہم سے خراب تھی لیکن جناب چیئرمین! آپ دیکھیں کہ اس ملک نے IMF سے کیسے چھٹکارا حاصل کیا۔ بنیادی طور پر World War II کے بعد IMF ایک tool to ensnare all the third world countries and

South Asia میں اور unfortunately پاکستان بھی ان میں سے ایک ہے۔ آپ افریقہ میں اور South Asia میں ہم جیسے ملکوں کی حالت دیکھ لیں کہ IMF نے ہمیں کیسے جکڑا۔

کیا ہم نے فیصلہ نہیں کیا اور debt retirement programme کہاں ہے؟ اس بجٹ میں کوئی national debt retirement programme دیا ہی نہیں گیا کہ آپ کیسے کریں گے۔ You have over 200 billion dollars as of today which you owe to the world, to the donors. میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں گا کہ آپ کا آج کا budget is a borrowed budget and budget is actually made on foreign and borrowed funds. میں مشاہد اللہ صاحب سے متفق ہوں کہ اس کو Borrowed Bulldozed Budget کا نام دے دیں۔ BBB because you are bulldozing something, somebody else is driving it and you are acting just as a driver.

جناب! اگر قوم اس طرح چلی تو میں لکھ کر دے دیتا ہوں کہ we are not far from the international default. آپ نے اس میں FATF کی بات نہیں کی، آپ نے وہاں کیا چیزیں لگائی ہیں جس سے FATF سے نکل سکیں گے۔ آج مجھے ایک statement پڑھ کر افسوس ہوا کہ ہماری حکومت کہہ رہی ہے well, we are trying to get out of gray list. They are thinking to put you in black list. اس وقت ہمیں ten billion dollar per annum کا نقصان ہو رہا ہے because we are in gray list of FATF. مجھے یہ بتائیں کہ اس سلسلے میں حکومت نے کیا کارروائی کی ہے؟ انڈیا پر وہی الزامات ہیں، وزیر اعظم مودی پر terrorist financing کے الزامات ہیں، fugitives کی مدد کرنا اور اپنی custody میں رکھنا it is still with India اور انہوں نے جس انداز میں پاکستان میں terrorist financing کی ہے، اس کے ثبوت موجود ہیں۔ کیا ہماری حکومت نے وہ سارے ثبوت دیے ہیں۔ کیا ہم یہ نہیں جانتے کہ یہ سب امریکا ہمارے ساتھ انڈیا کے کہنے پر کر رہا ہے؟ کیا ہم انہیں کورٹ میں drag نہیں کر سکتے تھے؟ میں نے اس حوالے سے حکومت کو چار خط لکھے لیکن مجھے کوئی جواب نہیں ملا but thanks God, I got response from the President of FATF. انہوں نے جو جواب دیا، وہ آپ سن کر حیران ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ آپ کے جتنے الزامات ہیں، وہ ہم نے note کر لیے ہیں اور یہ ٹھیک

ہوں گے لیکن FATF is not in a position to investigate. میں نے پھر ان سے سوال کیا ہے لیکن ابھی تک ان کا جواب نہیں آیا ہے۔ میں حکومت سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ پتہ لگانے کے لیے کہ جو ہمارے لیے ناجائز ہے، وہ دوسروں کے لیے کیوں جائز ہے، اس میں وہ میرا ساتھ دیں اور میں ان کا ساتھ دوں گا۔ جن الزامات سے ہم FATF gray list میں آئے ہیں، وہی الزامات انڈیا پر بھی ہیں۔

Why have not they placed her because there is an international agenda and that agenda is eyeing our nuclear weapons and want us to go bankrupt? They are doing every possible thing to put us into that condition.

جناب چیئرمین! دیکھنا یہ ہے کہ کیا اس وقت ہم ہوش کے ناخن لیتے ہیں یا نہیں؟ کیا حکومت اور اپوزیشن ایک ساتھ بیٹھ کر consensus and collective wisdom کے ساتھ آگے بڑھتی ہے یا نہیں؟ یہ معاملہ عمران خان، نواز شریف اور آصف علی زرداری یا کسی اور لیڈر کا نہیں بلکہ پاکستانی قوم کا معاملہ ہے اور پاکستانی قوم ہم سے یہ تقاضا کر رہی ہے کہ ہم انہیں پوری دنیا میں کیسے defend کر رہے ہیں۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اگر ہمیں FATF black list میں ڈال دے تو ہمیں کوئی بینک قرضہ نہیں دے گا۔ ہمارا business stand still ہو جائے گا۔ کیوں نہ ہم اپنا ایک طریقہ نکال لیتے؟ ہم اپنی growth rate کی طرف کیوں نہیں جا رہے ہیں۔ وہ بار بار کہہ رہے ہیں کہ گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ Inflation rate 6 per cent سے 11 per cent تک پہنچ چکا ہے۔ Growth rate 6 per cent سے 3 per cent تک آ چکا ہے۔ آپ مجھے یہ بتائیں کہ ایسے factors کے ہوتے ہوئے وہ کونسا economist ہو گا جو ملک کو ان معاشی حالات سے نکال سکے گا۔ ہم ایک agro based country ہیں۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ بلوچستان میں اتنی بنجر زمین پڑی ہے۔ آپ نے وہاں ڈیموں کی تعمیر کے لیے کتنی رقم مختص کی ہے؟ کیا اچھا ہوتا کہ وہاں ڈیم بنتے اور آپ کا agricultural production بڑھتی اور اس سے آپکے growth rate میں addition ہوتی۔ ہمارا سب سے زیادہ زرمبادلہ textile سے آتا تھا۔ اسے آپ نے زیرو کر دیا ہے۔

سینیٹر محمد جاوید عباسی: جناب چیئرمین! اس سے پہلے بھی بہت ہی important speeches ہوئیں اور recommendations دی گئیں لیکن کوئی بھی منسٹر موجود

نہیں تھا۔ ابھی سینیٹر عبدالرحمٰن ملک بھی recommendations دے رہے ہیں لیکن کوئی وزیر موجود نہیں ہے۔

سینیٹر عبدالرحمٰن ملک: میں اپنی speech 10 minutes کے لیے suspend کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹری کے لوگ galleries میں بیٹھے نوٹ کر رہے ہیں اور منسٹر صاحب یہاں موجود تھے۔ ابھی باہر گئے ہیں۔

سینیٹر عبدالرحمٰن ملک: میں اپنی تقریر Monday کے دن کروں گا۔ I have a lot of important information to share.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب جاوید عباسی آپ تشریف رکھیں۔

سینیٹر عبدالرحمٰن ملک: مجھے galleries میں منسٹری کا کوئی بھی بندہ نظر نہیں آرہا ہے۔ یہ سینیٹ کے ساتھ discrimination ہے۔ ہمیں National Assembly کے at par نہیں کیا گیا ہے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر رحمٰن ملک آپ اپنی تقریر جاری رکھیں۔ منسٹر صاحب آجائیں گے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر جاوید عباسی اور سینیٹر مولا بخش آپ تشریف رکھیں۔ منسٹر صاحب آرہے ہیں۔ Order in the House. اور بھی ممبران نے تقریر کرنی ہے۔

سینیٹر عبدالرحمٰن ملک: میں دو منٹ کے لیے اپنی تقریر روک دیتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آج جمعے کا دن ہے۔ آپ اپنی تقریر جاری رکھیں۔ سینیٹر مشاہداللہ خان آپ تشریف رکھیں کیونکہ سینیٹر رحمٰن ملک کی تقریر جاری ہے۔ منسٹر صاحب آگئے ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر عبدالرحمٰن ملک: میں آپ کا بہت مشکور ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ابھی آپ conclude کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: یہ کیا بات ہوئی کہ آپ conclude کریں۔ دوسرے ممبران نے یہاں آدھا، آدھا گھنٹہ تقریر کی ہے اور میرے پندرہ منٹ کی تقریر سے لوگوں کی چیخیں نکل رہی ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ملک صاحب آپ conclude کرلیں کیونکہ آپ کے پاس صرف تین منٹ ہیں۔

سینیٹر عبدالرحمٰن ملک: ایسالگتا ہے جیسے میں پھانسی پر لٹکا ہوا ہوں اور میری زندگی کے بس یہی تین منٹ ہیں۔ میں ایک important بات بتانے جارہاہوں اور time constraint کا کہہ کر میرا منہ بند کیا جارہا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پچھلے پچیس منٹ سے آپ تقریر کر رہے ہیں۔

سینیٹر عبدالرحمٰن ملک: آپ پاکستان کی پوری تاریخ اٹھاکر دیکھ لیں کہ کونسا وزیراعظم، صدر یا dictator عزت کے ساتھ گھر گیا ہو۔ انہیں جیل میں ڈالا گیا اور پھانسی دی گئی لیکن آپ نے کبھی سوچا کہ ایسا کیوں ہوا؟ میں نے ابھی ایک آرٹیکل لکھا ہے جس کا نام ہے.Truth Commission میں نے اس میں یہ لکھا ہے کہ جو کچھ ہوا ہے، آیا یہ individuals کی خرابی ہے یا system کی؟ ہمیں یہ دیکھنا ہوگا۔ اگر یہ system کی خرابی نہ ہوتی تو میں سمجھتا ہوں کہ کوئی بھی فرد نہ جیل جاتا اور نہ پھانسی چڑھتا۔ اس وقت قوم کو institutions and system کو revisit کرنے کی اشد ضرورت ہے تاکہ we could see where are the faults. We need to correct them. میں آپ کے دیے ہوئے ان تین منٹ میں سے ایک منٹ اپنی لیڈر شہید محترمہ بینظیر بھٹو کو دینا چاہتا ہوں جن کی وجہ سے پاکستان کا نام بنا اور جنہوں نے اپنی جان کا نذرانہ دے کر مجھے اور آپ کو جمہوریت دی۔ میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ پاک انہیں جوار رحمت میں جگہ دیں۔ آج ان کا جنم دن ہے۔ میں پوری قوم کو اس موقع پر دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں لیکن افسوس یہ ہے کہ جب میں ان کی بچیوں آصفہ اور بختاور کو اپنی ماں کو آخری بار رخصت کرتے ہوئے دیکھا تھا، کل اپنے والد آصف علی زرداری کو see off کرتے ہوئے ان کے وہی جذبات تھے۔ مجھے اس بات سے خوشی ہوئی کہ کل ان کے چہروں پر fearless expressions تھے۔ خدارا! leadership کی respect کرنا شروع کریں Real accountability, ہونی چاہیے، جسے victimization نہیں کہتے۔ EX-FATA سے ہمارے دوست بول رہے تھے۔ میں کہتا ہوں کہ آپ بالکل کمیشن بنائیں لیکن جب آپ دس سال

کا بناتے ہیں تو اس میں سے victimization کی بو آتی ہے، دس سال کون تھا، PPP and PML(N). Why not from 1952 کیوں نہیں سارے سالوں کا حساب لگاتے۔ جناب چیئرمین! آپ حکم کریں being a Chairman in the capacity گورنر State Bank کی کیا مجال ہے۔ آپ میری کمیٹی کو refer کر دیں، میں آپ کو تین دن میں سارے کا سارا ریکارڈ یہاں پیش کروا دیتا ہوں، جس میں یہ بھی ہو گا کہ کس نے قرضے لیے، کس نے قرضے معاف کروائے، خواہ وہ KP ہو، خواہ وہ کوئی بھی ہو۔ یقین Let’s go forward and go forward for common man, کریں اس وقت common man رو رہا ہے۔ آپ نے ایک ہزار روپیہ تنخواہ بڑھائی ہے، ان کی تنخواہیں double کریں، غریب آدمی نہیں رہے گا۔ جناب چیئرمین! جمعہ کا وقت ہونے والا ہے، کاش کہ میں Monday کو تقریر کرتا تو زیادہ وقت لے لیتا۔

(اس موقع پر ایوان میں اذان جمعہ سنائی دی)

سینیٹر عبدالرحمٰن ملک: جناب چیئرمین! میں ایک منٹ میں conclude کروں گا۔ اس demand کے ساتھ کہ اس بجٹ کو عوام بالکل پسند نہیں کرے گی۔ آپ دیکھیں گے کہ ڈالر 160 سے 180 تک جائے گا، sorry to predict this but I am saying this with my own little bit knowledge in the economics. یہ جس انداز سے اوپر جا رہا ہے، یہ ہمارے لیے بہت ہی تکلیف دہ ہو گا۔ میری حکومت سے ایک request ہو گی کہ وہ سینیٹ اور نیشنل اسمبلی کو لے، اسد عمر صاحب کی بڑی اچھی تجاویز ہیں، سواتی صاحب نے باہر کی economy بھی پڑھی ہے، اس بجٹ کو revisit کیا جائے اور ہم سوچیں کہ ہم عام آدمی کو کیسے relief دے سکتے ہیں۔ غریبوں کے لیے ایک slab تھوڑا different کر لیں تاکہ وہ اپنی روٹی سے محروم نہ ہوں۔ ہمیں کہتے ہیں کہ گھبرانا نہیں، یہ کہنا بہت آسان ہے لیکن جس پر گزرتی ہے، اسے تکلیف ہو رہی ہوتی ہے۔ مہنگائی کا slab کم کرنے کے لیے جو کچھ بھی کر سکتے ہیں کریں کیونکہ آنے والے وقت میں جس انداز سے inflation بڑھ رہی ہے، جس طرح سے ڈالر اوپر جا رہا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ بہت مہنگائی ہو گی۔ مجھے ایک منسٹر صاحب کی statement یاد آ رہی ہے کہ عوام کی چیخیں نکل جائیں گی۔ خدا کے لیے چیخیں نہ نکلوائیں، اگر ان کی چیخیں نکلیں تو اتنی اونچی نکلیں گی کہ یہ ایوان اور حکومت یہیں رہ جائیں گے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر طاہر بزنجو صاحب! وقت کم ہے، ذرا کم بولیں تاکہ دوسروں کو بھی موقع مل سکے، جمعہ کی نماز کا وقت ہونے والا ہے، صرف 20 منٹ ہیں۔

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: میں کیا کروں، میں تو تین دن سے انتظار کر رہا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر فیصل جاوید صاحب۔

سینیٹر فیصل جاوید: جناب چیئرمین! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ سینیٹر عبدالرحمٰن ملک صاحب نے جو ڈالر کے حوالے سے بات کی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح نجومی بننا یا prediction دینا ملک کے لیے ٹھیک نہیں ہے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ رحمٰن ملک صاحب! آپ بیٹھ جائیں۔ طاہر بزنجو صاحب! آپ اپنی تقریر شروع کریں۔

**Senator Muhammad Tahir Bizinjo**

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: جناب چیئرمین! ملک کی معاشی صورتحال ہو یا سیاسی صورتحال، دونوں امید افزا نہیں ہیں۔ جس طرف بھی دیکھیں مسائل ہیں، بڑھتی ہوئی آبادی ایک بہت بڑا challenge ہے، پانی کی قلّت بہت بڑا مسئلہ ہے۔ اسی طرح غیر ملکی قرضوں کی ادائیگی اور FATF کی لٹکتی ہوئی تلوار بھی بہت بڑا challenge ہے۔ لاپتا افراد کا معاملہ بھی بہت بڑا challenge ہے۔ جب ہمارے Prime Minister صاحب اپوزیشن میں ہوتے تھے تو انہوں نے وعدہ کیا تھا کہ جب وہ اقتدار میں آئیں گے تو لاپتا افراد کے معاملے کو حل کریں گے لیکن بدقسمتی سے ابھی تک اس ضمن میں کوئی پیش رفت نہیں ہوئی۔ آج ہمارے ملک کے بہت ہی ذمہ دار اخبار ڈان میں گوادر کی خبر ہے۔ میں پڑھتا ہوں۔

> "Armed men kidnapped a ninth-class student from his house here on Thursday, his family said. Relatives claimed that unidentified armed men barged into their house and took Ali Haider away with them.
>
> Ali Haider is a student of ninth-class in a local government school. His father went missing in 2010 and since then his whereabouts are not known."

جناب چیئرمین! یہ وہی علی حیدر ہے جس نے 2013 میں اپنے والد کی بازیابی کے لیے کراچی سے اسلام آباد تک long march کیا تھا۔ اسلام آباد میں ہمارے ایک ممتاز اینکر نے اس کا interview بھی کیا تھا جو کہ جیو پر نشر ہوا تھا، اس وقت اس کی عمر سات یا آٹھ سال تھی۔ علی حیدر کو گوادر سے اٹھایا گیا ہے۔ بدقسمتی سے یہاں پر Leader of the House موجود نہیں ہیں، چیئرمین سینیٹ جو کہ بہت بڑے آئینی عہدے پر بیٹھے ہیں ان سے اور Prime Minister of Pakistan سے پرزور مطالبہ ہے کہ اس ضمن میں وہ اپنا کردار ادا کریں اور اس بچے کو باعزت طور پر رہا کروائیں۔

جناب چیئرمین! میں عرض کر رہا تھا کہ جس طرف بھی دیکھیں مسائل اور challenges ہیں، کسی ایک شعبہ میں بھی بہتری نہیں ہے، اگر آپ زراعت کو، صنعت کو اور تعلیم و صحت کو دیکھیں تو ہر طرف زوال ہی زوال نظر آتا ہے۔

جناب چیئرمین! سوائے ہمارے لائق مشیر خزانہ کے، کون نہیں جانتا کہ ہمارے ملک میں لاکھوں اور کروڑوں کی تعداد میں ایسے لوگ بستے ہیں جو صبح سے لے کر شام تک روزگار کی تلاش میں رہتے ہیں اور بڑی مشکل سے دو وقت کی روٹی کماتے ہیں۔ جناب چیئرمین! دوسرے طرف مالی ماہرین کا یہ کہنا ہے کہ عوام کو کوئی relief نہیں ملے گا، مہنگائی بڑھے گی اور بے روزگاری میں اضافہ ہو گا۔ یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر بے روزگاری بڑھتی ہے، اگر غربت بے قابو ہو جاتی ہے تو اس کے رد عمل میں کیا ہوتا ہے، اس کے رد عمل میں بے چینی پیدا ہوتی ہے، اس کے رد عمل میں انتشار پیدا ہوتا ہے اور اس کے رد عمل میں افراتفری پیدا ہوتی ہے، اس کے رد عمل میں anarchy پیدا ہوتی ہے اور اس کے رد عمل میں دہشت گردی اور انتشار پسندی کو بھی فروغ مل سکتا ہے۔ ہم اس لیے حکومت سے یہ کہتے ہیں کہ اس مہنگائی کو روکو، اس بھوک کو روکو، اس بے روزگاری کو روکو ورنہ مستقبل قریب میں اس کے نہایت خطرناک نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔

جناب! ہم نے اس بات پر غور و فکر کیا ہے کہ وہ کونسے عوامل ہو سکتے ہیں، وہ کون سے اسباب ہو سکتے ہیں جس کی وجہ سے ہم قرضے لے لے کر زندگی بسر کر رہے ہیں۔ ہم اور بھارت ایک ساتھ آزاد ہوئے۔ World Bank کے مطابق آج بھارت دنیا کی چھٹی بڑی معیشت بن چکا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ بھارت میں آزادی کے تین سال بعد یعنی 1950 میں آئین نافذ ہوا، وہاں پر 1952 میں پہلے انتخابات ہوئے اور تب سے لے کر آج تک جمہوری عمل رکا

نہیں ہے تب سے لے کر آج تک لگاتار انتخابات ہو رہے ہیں اور اس کا یہ فائدہ ہوا کہ ہندوستان میں آئینی اور جمہوری ادارے مضبوط ہوئے۔ آج کے ہندوستان میں جو جس کا کام ہے، وہ کرتا ہے، پارلیمنٹ اپنا کام کرتا ہے، عدلیہ اپنا کام کرتی ہے، Prime Minister and Election Commission اپنا کام کرتے ہیں۔ ہندوستان میں بھی کل ایک election ہوا، کسی نے دھاندلی کا الزام نہیں لگایا، یہاں تک ہوا کہ جب votes کی گنتی جاری تھی تو وہاں کی دوسری بڑی جماعت کے leader نے press conference کی اور اپنی شکست تسلیم کی۔ جناب چیئرمین! ہمارے ہاں جس قسم کے انتخابات ہوتے ہیں، ان کو دیکھ کر ابلیس بھی عبرت پکڑتا ہے، اگر ہم چاہتے ہیں، آئے دن سرکاری دانشور اور لفافے والے تجزیہ نگار چیختے اور چلاتے ہیں، عالمی سیاست میں ہندوستان کا بیانیہ بکتا ہے۔ سیدھی بات ہے کہ ہندوستان کا narrative اس لیے بکتا ہے کہ وہاں پر سیاسی اور معاشی استحکام ہے۔ ہم اگر چاہتے ہیں کہ بین الاقوامی سیاسی تعلقات میں ہماری بھی عزت اور وقار ہو، ہمارا بھی narrative بکتا ہو پھر ہمیں بھی سیاسی اور معاشی استحکام لانا ہوگا تب ہمیں بھی جو جس کام ہے، اس کا احترام کرنا ہوگا، اگر ہم یہ نہیں کریں گے تو یقیناً اس کے جو اثرات ہوں گے، وہ تباہ کن ہوں گے۔

جناب چیئرمین! ہمارے محترم وزیر مملکت برائے محصولات اپنی تقریر میں فرماتے ہیں کہ آبی وسائل کے بہتر استعمال کے لیے وفاقی ترقیاتی programme کی بنیادی توجہ بڑے ڈیموں اور نکاسی آب پر مرکوز رہے۔ اس غرض سے بجٹ میں 70 ارب روپے مختص کئے جا رہے ہیں۔ جناب! میں بطور پر نمائندہ بلوچستان یہ جاننا چاہتا ہوں کہ اس 70 ارب روپوں میں بلوچستان کے لیے کچھ ہے، جناب چیئرمین! آپ کو تو کم از کم اس بات کا بخوبی علم ہے کہ اس وقت بلوچستان میں پانی کا معاملہ انتہائی تشویش ناک شکل اختیار کر چکا ہے۔ ہمارے پاس کوئی نہری نظام نہیں ہے، صرف دو، تین اضلاع نہری نظام سے مستفید ہوتے ہیں، باقی پورا بلوچستان زیر زمین ٹیوب ویل سے پانی حاصل کرتا ہے۔ اس وقت یہ صورت حال ہے کہ چند سال سے بلوچستان میں عملاً ایک survey کے مطابق 45 سے 50 لاکھ پھلدار درخت خشک ہوئے، 5000 کے قریب ٹیوب ویل خشک ہوئے۔ تین، چار سال قبل بلوچستان میں پیاز کے پیداوار چار لاکھ ٹن ہوتی تھی، اب یہ صرف ایک لاکھ ٹن رہ گئی ہے۔ پھلوں اور سبزیوں کی پیداوار میں بھی زبردست کمی آئی ہے۔ ہمارا یہ پرزور مطالبہ ہے کہ ہمیں فوری طور پر نہ کوئی ریلوے چاہیے، آئے دن جس کا ہمارے محترم رشید صاحب ذکر کرتے ہیں اور ہمیں نہ گوادر ائرپورٹ چاہیے، ہمیں فوری طور پر پانی چاہیے اور بلوچستان

میں پانی حاصل کرنے کے لیے بہترین طریقہ یہ ہے کہ dams تعمیر کئے جائیں، اس کا کوئی دوسرا اور تیسرا راستہ نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! میں آخری بات بجٹ کے حوالے سے کرنا چاہتا ہوں کہ وہ بات یہ ہے کہ ایک گھر میں فوتیدگی ہوئی تو وہاں پر جو بھی فاتحہ کے لیے آتا تھا، یہ کہتا تھا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے تو مرحوم کا بیٹا باآواز بلند کہتا کہ بہت مشکل ہے۔ اس سے تنگ آکر خاندان کے ایک بزرگ نے ان کے بیٹے سے کہا کہ ایسا نہیں کہتے تو مرحوم کے بیٹے نے کہا کہ دیکھو وہ میرا والد صاحب تھا، اس کو مجھ سے زیادہ بہتر کون جانتا ہے، اس کے کرتوت اس قسم کے نہیں تھے کہ وہ جنت میں چلا جائے۔ جناب چیئرمین! یہی حال اس بجٹ کا ہے، اس بجٹ سے آپ کسی بھی بہتری کی توقع نہیں کر سکتے اور دانشمندی کا تقاضا ہے کہ جناب شہباز شریف Leader of the Opposition نے اس ضمن میں جو تجویز پیش کی تھی کہ ایک نیا بجٹ لایا جائے، ایک ایسا بجٹ لایا جائے جس سے لوگوں کی مشکلات اور تکالیف میں کمی ہو۔ جناب! آپ کا بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر نزہت صادق صاحبہ

**Senator Nuzhat Sadiq**

سینیٹر نزہت صادق: شکریہ جناب چیئرمین۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہوا ہے کہ IMF سے جو قرضہ لینا تھا اس کی خاطر محض اس کی شرائط ہی نہیں مانی گئی۔۔۔ جناب چیئرمین! میں نے تیسرے نمبر پر بٹن دبایا تھا اور میری باری آنی چاہیے تھی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بیٹھ جائیں۔ پانچ منٹ ہیں اس کے بعد پھر جمعہ کی نماز کا وقت ہے۔ ان کی خاص گزارش بھی ہے انہوں نے لاہور جانا ہے۔

سینیٹر نزہت صادق: شکریہ جناب چیئرمین۔ میں بات کر رہی تھی کہ پہلی مرتبہ ہوا ہے کہ IMF سے قرضہ لینے کے لیے خاص ان کی صرف شرائط ہی نہیں مانی گئیں بلکہ پورے کا پورا بجٹ ہی ان کو بنانے کے لیے دے دیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین! بجٹ نے غریب کی دو وقت کی روٹی یقیناً چھین لی ہے۔ انہوں نے تو تارے دکھا دیے ہیں غریب کو اور پھر کہتے ہیں کہ کوئی فرق نہیں پڑا، بہت فرق پڑا ہے۔ جناب چیئرمین! بجٹ میں taxes کی بھرمار کی گئی ہے، عام آدمی پر بہت سارا بوجھ ڈالا گیا ہے۔ آٹا، دال، چینی، گھی سب بات یہاں ہوئی کہ کس طرح اس کی قیمتیں بڑھی ہیں اور کس طرح وہ پہنچ سے باہر ہوتی جا رہی ہیں۔ جناب چیئرمین! بجٹ میں کسی طرح بھی یا کسی angle سے بھی نہیں لگتا کہ اس کا

عام آدمی پر ہے۔ سب کو علم ہے کہ جب چیزیں مہنگی ہوتی ہے جب taxes لگ جاتے ہیں تو چیزیں مہنگی ہو جاتی ہیں۔ یہ ایک vicious circle ہے جو کہ ہر چیز کو لپیٹ میں لے لیتا ہے۔ جناب چیئر مین! پہلے ہی پٹرول جس طرح کہا گیا کہ مہنگا ہو گیا ہے اور اس کی وجہ سے بھی چیزیں عوام کی پہنچ سے باہر ہوتی جا رہی ہیں۔ اگر ہم پچھلے 11 ماہ کی حکومت کی کارکردگی دیکھیں تو بہت مایوس کن ہے۔ یقین کریں کہ عام آدمی بھی پریشان ہے PML(N) کی پانچ سال کی محنت اس ملک کی ترقی کی طرف جو ہم نے development کی، infrastructure پر ہم نے focus focus کیا، ہم نے بجلی پر focus کیا، میں سمجھتی ہوں law and order میں بہتری آئی اور یہ صرف ہم نہیں کہہ رہے بلکہ باہر کے تجزیہ نگار، economists کہہ رہے ہیں اور سب نے کہا کہ بہت viable ہے۔ Pakistan is good for investment جانا چاہیے، دیکھنا چاہیے جہاں پر ہم جانا چاہ رہے تھے وہاں سے آج کے حالات سے ہم موازنہ کر لیں تو آپ کے سامنے ہے کہ آج ہم کہاں کھڑے ہیں۔ 11 ماہ قبل اس حکومت نے let me share with you some figures حکومت سنبھالتے ہی انہوں نے کہا کہ زراعت کے شعبہ میں 3.8% ترقی کے ہدف کا اعلان کیا۔ 3.8% جو تھا اس کے مقابلے میں صرف 0.85% ترقی ہوئی ہے، اس پر وہ پہنچے ہیں۔ تمام بڑی فصلوں کی پیداوار ہدف سے کم رہی ہے۔ معاشی ترقی کی شرح انہوں نے مقرر کی کہ ہم 6.2% کے مقابلے میں ہم کر لیں گے 6.2 اور اب پہنچے کس پر ہیں 3.3% پر۔ صنعت کا ہدف انہوں نے کہا 7.6% تھا جو کہ محض 1.4% ہوا ہے۔ بڑے پیمانے کی manufacturing میں بڑی کمی آئی اور ترقی کی شرح منفی رہی۔ اسی طرح services کے شعبے میں بھی جو انہوں نے target set کیے تھے اس میں انہوں نے کہا کہ ہم 5 point اس کو achieve کر لیں گے وہ بھی نہیں کر پائے۔ ہماری 5.8% کی جو چلتی ہوئی معیشت تھی اس کو آدھا کر دیا گیا ہے۔

جناب چیئر مین! ڈالر کی قدر میں مسلسل تیزی، اضافہ اور معیشت کی ترقی میں سستی ہم دیکھ رہے ہیں۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ روپے کی قدر جو ہے وہ بھی کم ہو رہی ہے۔ درآمدات کا حال آپ کے سامنے ہے۔ حال ہی میں ایک commerce meeting ہوئی کی جو ہم نے attend کی اس میں افغانستان کے ساتھ trade کے حوالے سے share کیے گئے تھے figures اور میں آپ کے ساتھ share کروں کہ 2014-15 میں figures تھے 1552.43 ملین، آج 851.49 we stand at یہ figures ہیں۔ غیر ملکی

سرمایہ کاری میں 52% کمی واقع ہوئی ہے۔ صنعت و تعلیم HEC کا بجٹ if I am not wrong 40% something پر کٹ لگایا گیا ہے اس کا۔ یقیناً تعلیم اور صحت اس حکومت کا focus نہیں لیکن میں اس طرف بیٹھے ہوئے اپنے سینیٹر صاحبان سے ضرور کہوں گی کہ وہ آواز اٹھائیں اور خاص طور پر تعلیم کے اور HEC کے بجٹ کو دوبارہ review کریں بلکہ پورے بجٹ کو دوبارہ review کریں۔

کشمیر، GB کے PSDP بجٹ میں انہوں نے 13% cut لگایا ہے ہماری حکومت PML(N) کی جو تھی اس نے 100% اس کو کیا تھا۔ جناب چیئرمین! حکومت کو ان کو serious لینا پڑے گا کوئی direction لینی پڑے گی اب تو اپنانی پڑے گی کیونکہ یہ steps جو اس طرح کے ہیں کہ کاروبار بھی ختم ہو رہا ہے روزگار بھی ختم ہو رہا ہے۔ بے روزگاری بڑھے گی غربت اور مہنگائی میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا تو عوام کی تو چیخیں نکلیں گی اور یہ نکال رہے ہیں۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایوان کی کارروائی بروز سوموار مورخہ 24 جون 2019، سہ پہر 04:30 تک کے لیے ملتوی کی جاتی ہے۔

------------

*(The House was then adjourned to meet again on Monday, 24th June, 2019 at 4:30 P.M.)*

------------

Index


Senator Abdul Rehman Malik .................................................................... 4, 32
Senator Dr. Sikandar Mandhro ..................................................................... 2, 3
سینیٹر اورنگزیب خان ........................................................................................ 30, 31
سینیٹر سراج الحق ........................................................................................... 26
سینیٹر عبدالرحمٰن ملک .............................................................................. 38, 39, 40, 41
سینیٹر فیصل جاوید ......................................................................................... 41
سینیٹر محمد طاہر بزنجو ..................................................................................... 41
سینیٹر مشاہد اللہ خان ................................................. 5, 6, 12, 14, 16, 17, 18, 19, 20
سینیٹر نزہت صادق ......................................................................................... 44
سینیٹراورنگزیب خان ....................................................................................... 28
سینیٹرسراج الحق ....................................................................................... 20, 27, 28
سینیٹر محمد جاوید عباسی .................................................................................... 37